http://dailygawadarbusiness.com.pk

Email.dailygwadarbusiness@gmail.com

Member APNS

کراچی اور کوئٹہ سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت

Daily Gwadar Business Quetta

روزنامہ

ABC Certified

گوادر بزنس

کوئٹہ

جلد 22 | بدھ 23 ستمبر 2026ء | 10 ربیع الثانی 1448ھ | قیمت 5 روپے | شمارہ 74

میں بڑا فیصلہ کرنے جا رہا ہوں ایران کو تباہ کر دوں یا انہیں دوبارہ پنپنے دوں، ٹرمپ

ایران مشرق وسطیٰ میں بدمعاشی کرتا تھا اب نہیں کر سکتا، یقین ہے مڈٹرم الیکشن کے بعد ایران سے ڈیل ہو جائے گی

امریکا آج ماضی کے مقابلے میں بہت زیادہ طاقتور ہے، مستقبل پہلے سے بہت زیادہ روشن ہے، دنیا کی طاقتور ترین فوج ہے، امریکی سرحدیں پہلے کے مقابلے میں زیادہ محفوظ ہیں

امریکا اپنے فوجی اہلکاروں کو کسی بھی امریکا مخالف ٹریبونل کے نام نہاد اور نمائشی ٹرائلز کا نشانہ بننے کی ہرگز اجازت نہیں دے گا، جنرل اسمبلی سے خطاب

ایران کی امریکا کو آبنائے ہرمز کھولنے کی مشروط پیشکش

امریکا اگر ایرانی سمندروں کی ناکہ بندی ختم کرے تو ایک ہفتے میں آبنائے ہرمز کھولی جا سکتی ہے

تہران (این این آئی) ایران نے امریکا کو 7 دن میں آبنائے ہرمز کھولنے کی مشروط پیشکش کر دی۔ غیر ملکی خبر ایجنسیوں نے ایرانی حکام کے حوالے سے خبر نشر کی ہے (بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر)

نیویارک (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ وہ بڑا فیصلہ کرنے جا رہے ہیں، انہیں فیصلہ کرنا ہے کہ وہ ایران کو تباہ کر دیں یا انہیں دوبارہ پنپنے دیں، ایران مشرق وسطیٰ میں بدمعاشی کرتا تھا، اب نہیں کر سکتا، یقین ہے مڈٹرم الیکشن کے بعد ایران سے ڈیل ہو جائے گی (بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر)

فیلڈ مارشل عاصم منیر سے فرانسیسی سیکرٹری جنرل برائے دفاع و قومی سلامتی کی ملاقات

راولپنڈی (این این آئی) فیلڈ مارشل عاصم منیر سے فرانسیسی سیکرٹری جنرل برائے دفاع و قومی سلامتی نے ملاقات کی جس میں (بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر)

بیرسٹر گوہر کی محمود اچکزئی سے ملاقات، 27 ستمبر کے لانگ مارچ پر مشاورت

دونوں رہنماؤں کی علیمہ خان، عظمیٰ خان اور نورین نیازی کی گرفتاریوں کی شدید مذمت

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر علی خان نے قائد حزب اختلاف قومی اسمبلی محمود خان اچکزئی سے ملاقات کی جس میں ملک کی موجودہ سیاسی صورتحال، (بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر)

فیلڈ مارشل کی فوجی دستوں کو ہمہ وقت چوکس رہنے کی ہدایت

قوم کی حمایت سے دہشتگردی کو شکست دینے کے لئے پرعزم ہیں

سید عاصم منیر کا کور ہیڈ کوارٹرز پشاور کا دورہ، سرحدی انتظامی اقدامات اور صوبے میں تعینات فارمیشنز کی آپریشنل تیاریوں سے آگاہ کیا گیا

شہداء کی عظیم قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کیا جائے گا، فیلڈ مارشل کا شہداء کو خراج عقیدت، یادگار شہداء پر حاضری، پھولوں کی چادر چڑھائی

راولپنڈی/پشاور (این این آئی) چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل عاصم منیر نے فوجی دستوں کو ہمہ وقت چوکس رہنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ مسلح افواج ملک بھر میں دیرپا امن اور استحکام کے قیام کے لیے پرعزم ہیں۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق چیف آف ڈیفنس فورسز مارشل سید عاصم منیر نے کور ہیڈ کوارٹرز پشاور کا دورہ کیا، انہیں خیبر پختونخوا کی سیکورٹی صورتحال پر جامع بریفنگ دی گئی، خیبر پختونخوا میں جاری انسدادِ دہشتگردی آپریشنز اور (بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر)

اقوام متحدہ کی ایران جنگ ختم کرانے کیلئے پاکستان سے رابطے کی تصدیق

امریکا اور ایران کے درمیان مذاکرات کا دوبارہ آغاز جنگ کے خاتمے کی جانب پیش رفت میں مددگار ثابت ہو سکتا ہے

اقوام متحدہ اس سے قبل بھی امریکا اور ایران کے درمیان جنگ بندی اور مذاکراتی عمل کی حمایت کر چکا ہے، رپورٹ

نیویارک (این این آئی) اقوام متحدہ نے امریکا اور ایران کے درمیان جاری جنگ ختم کرانے کی کوششوں میں پاکستان کے ساتھ رابطے کی تصدیق کر دی ہے۔ اقوام متحدہ (بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر)

پی ٹی آئی کو اسلام آباد کا امن خراب کرنے کی اجازت نہیں دیں گے، عطا تارڑ

پی ٹی آئی میں بات کریں تو کس سے کریں؟ ان کے ہاں انچارج اور فیصلہ ساز کون ہے؟، بیرسٹر گوہر فارغ ہیں، پی ٹی آئی میں ان کی کوئی نہیں سنتا، انٹرویو

خیبر پختونخوا میں ساڑھے 12 سال سے ایک حکومت موجود، یہاں ترقی کا فقدان ہے، توجہ دینے کی ضرورت ہے، پریس کانفرنس

پشاور (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطاء اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا میں ساڑھے بارہ سال سے ایک (بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات عطا تارڑ نے ایک بار پھر واضح کیا ہے کہ کچھ بھی ہو جائے پی ٹی آئی کو اسلام آباد (بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر)

پاکستان اور سعودیہ میں سرکاری و سفارتی پاسپورٹ پر ویزا شرائط ختم

نیویارک (این این آئی) پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان سفارتی و سرکاری پاسپورٹ رکھنے والوں کیلئے ویزا شرائط ختم کرنے کا معاہدہ طے پا گیا ہے۔ نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار کی سعودی وزیر خارجہ (بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر)

امریکہ اقوام اجلاس میں ایرانی حکام سے ملاقات کے لئے تیار

ہدف یہ ہے کہ ایران کبھی بھی جوہری ہتھیار حاصل نہ کر سکے، وزیر خارجہ مارکو روبیو

واشنگٹن (این این آئی) امریکہ کے وزیر خارجہ مارکو روبیو نے کہا ہے کہ ان کا ملک اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی میں ایرانیوں کے ساتھ بات چیت کے لیے تیار ہے، لیکن اس وقت (بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر)

فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے فرانس کے سیکریٹری جنرل برائے دفاع و قومی سلامتی سے مصافحہ کر رہے ہیں

یمنی صدر نے ٹرمپ سے ٹیلیفونک گفتگو میں حوثیوں کیخلاف فوجی مدد کی اپیل کر دی

صنعا (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور یمن کی صدارتی قیادت کونسل کے سربراہ رشاد العلیمی کے درمیان ٹیلی فون پر رابطہ ہوا ہے جس میں یمن میں حوثیوں کی تیزی سے (بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر)

واشنگٹن: وزیراعظم شہباز شریف اور کویت کے ولی عہد وفود کی سطح پر ملاقات کر رہے ہیں

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆ پشاور: فیلڈ مارشل سید عاصم منیر یادگار شہداء پر حاضری دے رہے ہیں ☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

پی ٹی آئی کی حکومت کو مذاکرات کی پیشکش، سیاسی رہنماؤں پر مشتمل کمیٹی بنانے کا مطالبہ

اگر دونوں جانب سے سیاسی کمیٹیاں بیٹھیں تو مسائل کا حل نکل سکتا ہے، سینیٹ میں اپوزیشن لیڈر راجا ناصر عباس

گزشتہ رات سے وفاقی سطح پر متعلقہ شخصیات سے رابطے جاری ہیں، چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر کی گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف نے حکومت کے ساتھ مذاکرات کے لیے آمادگی ظاہر کرتے ہوئے وزیراعظم شہباز شریف سے سیاسی رہنماؤں پر مشتمل (بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر)

پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان مذاکرات رواں ہفتے شروع ہونے کا امکان

آئی ایم ایف کے ساتھ مذاکرات کامیاب ہونے پر پاکستان کو 1.2 ارب ڈالر تک ملنے کا امکان

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور بین الاقوامی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) کے درمیان چوتھے اقتصادی جائزے سے متعلق مذاکرات رواں ہفتے شروع ہونے کا امکان (بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد، اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے مالدیپ کے سپیکر ملاقات کر رہے ہیں

وزیراعظم کا حافظ نعیم الرحمٰن سے رابطہ، اسلام آباد میں دھرنا مؤخر کرنے کی درخواست

حکومت معاشی طور پر کمزور اور متوسط طبقے کو ان مشکل حالات میں پیٹرولیم مصنوعات پر ریلیف فراہم کر رہی ہے، شہباز شریف

جب وزیراعظم پاکستان واپس آئیں گے ان سے ملاقات کرینگے، امیر جماعت اسلامی کا اکتوبر کے پہلے ہفتے تک لانگ مارچ مؤخر کرنے کا اعلان

اسلام آباد / ملتان (این این آئی) وزیر اعظم شہباز شریف نے امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن سے ٹیلی فونک رابطہ کیا جس میں وزیر اعظم نے امیر جماعت اسلامی کو اسلام آباد میں دھرنا مؤخر کرنے کی درخواست کی۔ ٹیلیفونک گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ حکومت معاشی طور پر کمزور اور متوسط طبقے کو ان مشکل حالات میں پیٹرولیم مصنوعات پر ریلیف فراہم کر رہی ہے (بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر)

چاروں صوبوں کے فضائی اثاثوں کی تفصیلات سامنے آ گئیں

سندھ کے پاس ایک لیئر جیٹ اور دو ہیلی کاپٹر، خیبر پختونخوا کے پاس ایک ہیلی کاپٹر ہے

پنجاب کے پاس دو طیارے، بلوچستان کے پاس ایک طیارہ، دو ہیلی کاپٹر ہے

کراچی (این این آئی) سندھ حکومت کے فضائی بیڑے میں 2006 میں (بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر)

ملتان، امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن میڈیا کے نمائندوں سے بات چیت کر رہے ہیں

8 اسلامی ممالک کا غزہ میں امداد اور اسرائیلی فوج کے مکمل انخلا کا مطالبہ

اسلامی ممالک کی بستیوں کی توسیع، فلسطینی اراضی پر قبضے، گھروں کی مسماری اور آبادکاروں کے تشدد کی مذمت

اسرائیلی فوج کے مکمل انخلا اور بین الاقوامی استحکام فورس کی تعیناتی اور امریکی صدر سے تنازع کے حل کیلئے فعال کردار ادا کرنے کا مطالبہ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان سمیت 8 اسلامی ممالک کے وزرائے خارجہ نے غزہ میں انسانی مصائب پر گہری تشویش (بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر)

ووٹ ہر اہل شہری کا ایک اہم جمہوری حق اور ذمہ داری ہے، علی اصغر سیال

عوام کو اپنے ووٹ کی قدر و اہمیت کو سمجھنا اور انتخابی عمل میں ذمہ داری کے ساتھ حصہ لینا چاہیے

کوئٹہ (پ ر) آج الیکشن کمیشن آف بلوچستان کے زیر اہتمام ایک اہم، معلوماتی اور بامقصد اجلاس الیکشن کمشنر علی اصغر سیال کی صدارت میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں مختلف سرکاری (بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر)

کھدائی کے دوران کیبل کٹنے سے امریکا میں بڑا فضائی بحران، 10 ہزار پروازیں متاثر

واشنگٹن (این این آئی) امریکا کی ریاست نیو جرسی میں ریل آپریٹر انٹر یک (بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر)

ٹرمپ کا پھر اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی سے خطاب میں پاک بھارت جنگ ختم کرانے کا ذکر

نیویارک (این این آئی) امریکی صدر ٹرمپ نے ایک بار پھر اقوام متحدہ کی (بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر)

ایرانی وزیر خارجہ جنرل اسمبلی اجلاس میں شرکت کے لیے نیویارک پہنچ گئے

تہران (این این آئی) ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نیویارک پہنچ گئے۔ ایرانی میڈیا کی رپورٹ کے مطابق عباس عراقچی اقوام (بقیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر)

ایرانی پاسداران انقلاب نے امریکا کی رابطے کی کوشش مسترد کر دی

تہران (این این آئی) ایران کے پاسداران انقلاب کے ترجمان حسین محبی نے منگل کے روز کہا ہے کہ امریکا نے ان سے رابطہ قائم کرنے کی کوشش کی تھی تاہم پاسداران انقلاب نے اس کوشش کو سختی سے مسترد کر دیا ہے

پاکستان اور مصر کا علاقائی چیلنجز کے حل کیلئے مذاکرات اور سفارتکاری کی اہمیت پر زور

نیویارک (این این آئی) نائب وزیراعظم اسحاق ڈار اور مصری وزیر خارجہ بدر عبدالعاطی کے درمیان ملاقات ہوئی جس میں (بقیہ نمبر 39 صفحہ 3 پر)

ایران جنگ پر اسلام آباد مفاہمتی یادداشت بڑی کامیابی تھی، ترجمان انتونیو گوتیرس

سیکریٹری جنرل اقوام متحدہ پاکستانی قیادت کی کوششوں پر بے حد شکر گزار ہیں، اسٹیفن ڈوجارک

نیویارک (این این آئی) اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل انتونیو گوتیرس کے ترجمان اسٹیفن ڈوجارک نے کہا ہے کہ امریکا ایران جنگ سے متعلق اسلام آباد مفاہمتی یادداشت ایک بڑی کامیابی تھی، جس میں پاکستان کا کردار انتہائی اہم رہا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے (بقیہ نمبر 36 صفحہ 3 پر)

مانگی ڈیم تحقیقاتی کمیشن کی سماعت، گواہوں کے بیانات قلمبند

ڈائریکٹر این سی سی آئی اے طلب

دہشت گردانہ حملوں اور امن وامان سے متعلق ناخوشگوار واقعات کے بارے میں مختلف سوشل میڈیا صفحات پر جھوٹی، من گھڑت اور سنسنی خیز خبریں بلا روک ٹوک صوبے اور ملک بھر میں پھیلائی جا رہی ہیں

ڈائریکٹر، نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی (NCCIA)، سرکل آفس کوئٹہ کو اگلی تاریخ پر ذاتی حیثیت میں پیش ہو، تحقیقاتی کمیشن

کوئٹہ (خ ن) مانگی ڈیم پیپنگ اسٹیشن، ضلع زیارت میں پیش آنے والے دہشت گردی کے حملے کی تحقیقات کے لیے قائم کردہ تحقیقاتی کمیشن جناب جسٹس محمد عامر نواز رانا نے آج مورخہ 22 ستمبر 2026 کو کھلی عدالت میں تحقیقاتی کمیشن کی کارروائی کو آگے بڑھاتے ہوئے سماعت کی۔ سماعت کے دوران گواہوں کے بیانات قلمبند ہوئے۔ مزید برآں، تحقیقاتی کمیشن نے اس امر پر انتہائی تشویش کا اظہار کیا (بقیہ نمبر 38 صفحہ 3 پر)

موسمیاتی و ماحولیاتی ڈیٹا کے لیے قومی اداروں کو مربوط نظام میں لایا جائے، مصدق ملک

ڈیزاسٹر مینجمنٹ سے متعلق تمام قومی اداروں کے درمیان مؤثر رابطہ اور ڈیٹا شیئرنگ ناگزیر ہے

گلیشیئرز اور پانی کے نظام سے متعلق امور وزارت آبی وسائل کے دائرہ کار میں آتے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر موسمیاتی تبدیلی و ماحولیاتی رابطہ کاری ڈاکٹر مصدق ملک نے کہا ہے کہ گلیشیئرز کی نگرانی، موسمیاتی ڈیٹا، ارلی وارننگ سسٹم، سیٹلائٹ معلومات اور ڈیزاسٹر مینجمنٹ سے متعلق تمام قومی اداروں کے درمیان مؤثر رابطہ اور ڈیٹا شیئرنگ ناگزیر ہے تاکہ موسمیاتی خطرات سے بروقت نمٹا جا سکے۔ وہ سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے موسمیاتی تبدیلی (بقیہ نمبر 40 صفحہ 3 پر)

سارا ن تنگی میں فورسز کا آپریشن 6 دہشتگرد ہلاک 9 مشتبہ افراد گرفتار

کارروائی کے دوران ہلاک دہشتگردوں کے قبضے سے بڑی مقدار میں اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد کیا گیا

دہشتگردی کے خاتمے اور صوبے میں امن کے قیام کے لیے سیکیورٹی فورسز کی کارروائیاں جاری رہیں گی۔ وزیر اعلیٰ

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں دہشتگردوں کے خلاف سیکیورٹی فورسز کی کارروائیاں جاری ہیں، سارا ن تنگی میں خفیہ اطلاعات پر کیے گئے آپریشن کے دوران فتنہ الہندوستان (بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے سارا ن تنگی میں (بقیہ نمبر 141 صفحہ 3 پر)

وزیراعظم اقوام متحدہ جنرل اسمبلی کے 81 ویں اجلاس کے افتتاحی سیشن میں شرکت کیلئے آمد

نیویارک (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 81 ویں اجلاس کے افتتاحی سیشن میں شرکت کیلئے پہنچے۔ منگل کو وزیراعظم آفس کے میڈیا (بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر)

جنرل اسمبلی سے خطاب، ٹرمپ نے پاکستانی قیادت کو شاندار لوگ قرار دیدیا

صدر ٹرمپ متعدد بار فیلڈ مارشل عاصم منیر اور وزیراعظم شہباز شریف کے کردار کی تعریف کر چکے ہیں

نیویارک (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی سے خطاب میں پاکستان اور وزیراعظم شہباز شریف کا خصوصی ذکر کرتے ہوئے کہا ہے کہ (بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر)



اسلام آباد، ڈی پی ٹی آئی کے ممکنہ احتجاج کے پیش نظر سڑکوں کو کنٹینر لگا کر بند کر دیا گیا ہے

یمنی افواج کے مغربی تعز میں حوثیوں کے ٹھکانوں پر حملے، حوثیوں کا حملہ پسپا کر دیا

ریاض پر حوثیوں کے حملے مسلمانوں کے جذبات کو مشتعل کر رہے ہیں، شاہ سلمان بن عبدالعزیز

یمن کے معاملے پر سعودی عرب کیساتھ سیکیورٹی وعدوں پر قائم رہیں گے، امریکا

صنعاء/نیویارک (این این آئی) یمنی افواج کے مغربی تعز میں حوثیوں کے ٹھکانوں پر حملے، حوثیوں کا حملہ پسپا کر دیا میڈیا رپورٹ کے مطابق یمن میں تعز، مآرب اور الجوف (بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر)

ہم نے تو ابھی آغاز کیا ہے، ترک وزیر خارجہ کا مکہ دفاعی معاہدے پر تنقید کرنیوالوں کو منہ توڑ جواب

یہ بالکل منصفانہ نہیں ہے، کوئی بھی نیٹو کو کاغذی شیر قرار دے کر تنقید نہیں کرتا، حاقان فیدان

نیویارک (این این آئی) ترک وزیر خارجہ حاقان فیدان نے مکہ دفاعی معاہدے پر تنقید کا جواب دیتے ہوئے کہا ہے کہ نئے قائم ہونے والے دفاعی اتحاد کو یمن کے طویل بحران (بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر)

صدر ٹرمپ کی چینی ہم منصب سے 24 ستمبر کو واشنگٹن میں اہم ملاقات ہوگی

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور چینی صدر شی جن پنگ کے درمیان 24 ستمبر کو واشنگٹن میں اہم ملاقات ہوگی۔

ڈیجیٹل بنیادی ڈھانچے کو بین الاقوامی تعاون کے ذریعے فروغ دیا جانا چاہیے، وزیر خزانہ

مبنی موسمیاتی سرمایہ کاری منصوبوں کو مضبوط بنانے کیلئے بیرونی معاونت کے ساتھ ملکی وسائل اور مالیاتی گنجائش کو بھی بروئے کار لانا ضروری ہے

پاکستان کی قومی موسمیاتی ترجیحات اور قومی سطح پر متعین کردہ شراکت این ڈی سی تھری سے بھرپور ہم آہنگی رکھتا ہے

نیویارک (این این آئی) وفاقی وزیر برائے خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ قدرتی آفات سے نمٹنے کے نظام، ابتدائی انتباہی نظام اور لاگت پر مبنی موسمیاتی (بقیہ نمبر 191 صفحہ 3 پر)

قلات، ضلع کے 5 دیہاتوں سے مکینوں کے عارضی انخلا کا فیصلہ

انتظامیہ نے علاقہ مکینوں کو 28 ستمبر تک محفوظ مقامات پر منتقل ہونے کی ہدایت کر دی

کوئٹہ (این این آئی) قلات کی مقامی انتظامیہ نے عوام کے جان و مال کے تحفظ اور قیام امن کو یقینی بنانے کے لیے ضلع کے 5 دیہاتوں سے مکینوں کے عارضی انخلا کا فیصلہ کر لیا (بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر)

عالمی منڈی میں تیل کی قیمتوں میں مسلسل کمی، امریکا میں ایندھن اب بھی مہنگا

واشنگٹن (این این آئی) عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمتیں مسلسل چوتھے روز کم ہوگئیں تاہم امریکا میں پٹرول اور ڈیزل کی قیمتیں بلند سطح پر برقرار ہیں

حکومتی وسائل یا طاقت کی بنیاد پر کسی شہر پر حملہ نہیں ہو سکتا، طلال چوہدری

اسلام آباد پر اب چڑھائی ہوئی تو ایسا روکیں گے دوبارہ کوئی آنے کا سوچے گا بھی نہیں

آئین میں گورنر راج کا آپشن موجود ہے مگر ہم کوئی کام جلد بازی میں نہیں کرنا چاہتے

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری نے کہا ہے کہ اسلام آباد پر اب چڑھائی ہوئی تو ایسا روکیں گے کہ آئندہ کوئی آنے کا سوچے گا بھی نہیں، آئین (بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر)

پاکستان کی روس کیساتھ مشترکہ فوجی مشق دروزبہ اور عمان سے وشاق الجبل کا آغاز

روس اور عمان کے ساتھ فوجی مشقیں بالترتیب چیراٹ اور نیشنل کانٹیئر ازم سینٹر پی میں شروع ہوئی ہیں

راولپنڈی (این این آئی) پاکستان اور روس کی مشترکہ مشقیں دروزبہ کے نویں ایڈیشن اور پاکستان و عمان کی مشترکہ مشقوں 'وشاق الجبل' کے دوسرے ایڈیشن کا (بقیہ نمبر 1 4 صفحہ 3 پر)

سندھ حکومت اور عالمی ادارہ خوراک کا تعاون بڑھانے پر اتفاق

وزیراعلیٰ سندھ اور عالمی ادارہ خوراک پاکستان کی نمائندہ کے درمیان اعلیٰ سطح کا اجلاس

اسکول میلز، غذائیت، موسمیاتی لچک اور سماجی تحفظ کے شعبوں میں شراکت (بقیہ نمبر 42 صفحہ 3 پر)

نیویارک، آٹھ مسلم ممالک کے وزرائے خارجہ کا غزہ امن اجلاس کے موقع پر گروپ فوٹو

اسحاق ڈار کا فلسطینی عوام کیلئے پاکستان کی غیر متزلزل حمایت کا اعادہ

غزہ کی تعمیر نو اور حکمرانی کے انتظامات فلسطینی قیادت میں ہونے چاہئیں

نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ نے غزہ امن منصوبے اور سلامتی کونسل کی قرارداد 2803 پر مکمل اور خلوص کے ساتھ عملدرآمد کی ضرورت پر زور دیا

فلسطینی کاز کو آگے بڑھانے اور بین الاقوامی قانونی اصولوں کے مطابق مسئلہ فلسطین کے منصفانہ اور دیرپا حل کے فروغ کے لیے کام جاری رکھیں گے

برادر اور شراکت دار ممالک کے ساتھ مل کر مسئلہ فلسطین کے منصفانہ اور دیرپا حل کے فروغ کے لیے کام جاری رکھیں گے

نیویارک (این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار نے فلسطینی عوام کے ساتھ یکجہتی کا اعادہ کرتے ہوئے پاکستان کی غیر متزلزل حمایت کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ برادر اور شراکت دار ممالک کے ساتھ مل کر (بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر)

رضا ربانی کا حکومت کو احتجاج کرنے والی سیاسی جماعتوں سے مذاکرات کا مشورہ

سلام آباد (این این آئی) سابق چیئرمین سینیٹ اور پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما سینیٹر رضا ربانی نے حکمران جماعت مسلم لیگ (ن) کو احتجاج کرنے والی سیاسی جماعتوں سے مذاکرات کرنے کا مشورہ دیدیا

حکومت خصوصی بچوں کی تعلیم کیلئے انقلابی اقدامات کر رہی ہے، شرجیل میمن

سندھ حکومت خصوصی بچوں کی تعلیم، بحالی اور بااختیاری کے انقلابی اقدامات کر رہی ہے

ڈیجیٹل کلاس رومز میں اسمارٹ بورڈز، ای لرننگ ٹولز اور جدید تعلیمی سہولیات فراہم کی گئی ہیں

کراچی (این این آئی) سندھ کے سینئر وزیر و صوبائی وزیر اطلاعات، ٹرانسپورٹ و ماس ٹرانزٹ شرجیل انعام میمن نے کہا ہے کہ سندھ حکومت خصوصی بچوں کی تعلیم، بحالی اور بااختیاری کیلئے انقلابی اقدامات کر رہی ہے، صوبے کے 67 خصوصی تعلیمی اداروں میں تقریباً 20 ہزار طلبہ زیر (بقیہ نمبر 43 صفحہ 3 پر)

کراچی اور کوئٹہ سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیرالاشاعت روزنامہ
Daily Gwadar Business
ABC Certified
روزنامہ
گوادر بزنس
ایڈیٹر ریاض احمد

اسلام آباد پر کسی جتھے کو دھاوا بولنے نہیں دینگے!

خزانہ، اطلاعات اور پٹرولیم کے وزراء اور وزیر مملکت محمد اورنگ زیب، عطاء تارڑ، علی پرویز ملک اور طلال چودھری نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی کے اسلام آباد کی جانب لانگ مارچ کے حوالے سے اسلام آباد ہائیکورٹ کے فیصلہ پر عملدرامد کیا جائے گا اور کسی پُرتشدد جتھے کو اسلام آباد پر دھاوا بولنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ گذشتہ روز میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے باور کرایا کہ کاروباری بندش سے روزانہ 120 ارب روپے کا نقصان ہوتا ہے۔ حکومت عدالتی حکم پر بہرصورت عمل کرے گی۔ عطاء تارڑ نے بتایا کہ وزیراعظم فیول ریلیف سکیم میں 22 لاکھ افراد رجسٹرڈ ہوئے ہیں جن میں سے 19 لاکھ افراد کو ٹوکن جاری کئے جا چکے ہیں۔ علی پرویز ملک نے خدشہ ظاہر کیا کہ پٹرول کی قلت پیدا ہوئی تو اس کی قیمت 1000 روپے لٹر تک جاسکتی ہے۔ وزیر خزانہ اورنگ زیب کے بقول درپیش چیلنجز کے باوجود ملکی معیشت بہتری کی جانب گامزن ہے اس لئے مارچ، دھرنے اور ہڑتالیں سمجھ سے بالاتر ہیں۔ وفاقی وزراء نے پی ٹی آئی خیبر پی کے کے صدر جنید اکبر کے بیان کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ ان کے بیان سے ثابت ہوگیا کہ وہ کیا کرنا چاہتے ہیں۔ مشیر وزیراعظم رانا ثناء اللہ کے بقول کچھ عناصر گڑبڑ کے لیئے موقع کی تلاش میں ہیں۔ اس میں تو کوئی دورائے نہیں کہ شہریوں کو اپنے کسی مسئلہ پر احتجاج کے لیئے سڑکوں پر آنے کا آئینی حق حاصل ہے اور اسلام آباد ہائیکورٹ نے شہریوں کے آئینی حقِ احتجاج کو تسلیم کرتے ہوئے دارالحکومت میں احتجاج کے لیے حدود و قیود بھی متعین کر دی ہیں۔ اس عدالتی فیصلے کی روشنی میں حکومت اور سڑکوں پر احتجاج کرنے والی سیاسی جماعتوں پر یہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ آئین و قانون اور عدالتی احکام کی مکمل پاسداری کریں۔ بے شک احتجاج جمہوری حق ہے مگر اس حق کے استعمال سے دوسرے شہریوں کے بنیادی حقوق، کاروبار، روزمرہ زندگی اور ملکی معیشت متاثر نہیں ہونی چاہئیں۔ امن و امان برقرار رکھنا بہر صورت حکومت کی بنیادی ذمہ داری ہے تاہم اس کے ساتھ عوام کو درپیش معاشی مشکلات کا ازالہ بھی حکومت ہی کی ذمہ داری ہے۔ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں عالمی منڈی کے علاوہ ملک کے اندر بے یقینی اور سیاسی کشیدگی کے اثرات پڑنے کی حکومتی وضاحت اپنی جگہ، مگر پٹرول کی قلت کی صورت میں اس کی قیمت ایک ہزار روپے فی لٹر تک پہنچنے کا عندیہ عوام میں مزید اضطراب پیدا کرسکتا ہے۔ اگر پٹرولیم کے وزیر علی پرویز ملک کی جانب سے ایسی بات کی جائے تو یہ جلتی پر تیل ڈالنے کے مترادف ہوگا۔ دوسری جانب پی ٹی آئی خیبر پختونخوا کے صدر کا یہ کہنا کہ ''ہم لاشیں اٹھائیں گے، اسلام آباد کو سومنات بنائیں گے'' اور جماعت اسلامی کے امیر حافظ نعیم الرحمان کا یہ اعلان کہ پٹرولیم لیوی ختم کرنا ہوگی بصورت دیگر احتجاج حکومت گراؤ تحریک میں تبدیل ہوسکتا ہے، سیاسی درجہ حرارت میں اضافے کی عکاسی کر رہا ہے۔ بے شک اختلافِ رائے اور احتجاج جمہوریت کا حصہ ہے مگر تشدد، اشتعال انگیزی اور ریاستی اداروں یا شہری املاک کو نقصان پہنچانے کی کسی صورت گنجائش نہیں ہونی چاہیے۔ حکومت کو بھی یہ حقیقت پیش نظر رکھنی چاہیے کہ مہنگائی، پٹرول، بجلی اور دیگر ضروریاتِ زندگی کے بڑھتے اخراجات نے عام آدمی کو شدید دباؤ میں مبتلا کر رکھا ہے اس لیئے حکومت مخالف سیاسی جماعتوں کے لئے انہیں اپنے سیاسی مقاصد کے تحت سڑکوں پر لانا آسان ہوگا۔ عوام کو زچ کرنے والی کوئی بھی حکومتی پالیسی بال آخر انہیں سڑکوں پر آنے پر مجبور کرسکتی ہے۔ اس لیے حکومت بے بس و مجبور عوام کا مزید امتحان نہ لے، پٹرولیم لیوی اور دیگر مالی بوجھ کے حوالے سے قابلِ عمل ریلیف پر غور کرے اور سیاسی جماعتوں سے بامقصد مذاکرات کا راستہ اختیار کرے۔ موجودہ صورتحال کا تقاضا یہی ہے کہ حکومت عدالتی فیصلے پر بلاامتیاز عملدرآمد یقینی بنائے اور احتجاج کرنے والی جماعتیں بھی اپنے کارکنوں کو قانون ہاتھ میں لینے سے روکیں۔ بہتر یہی ہوگا کہ ریاستی طاقت اور سڑکوں پر موجود عوامی طاقت کو بروئے کار لانے کے بجائے آئین اور عدالتی فیصلوں کی پاسداری کی جائے اور مذاکرات کی میز پر ایک دوسرے کے لئے نرم گوشہ پیدا کیا جائے۔ اس سے ہی ملک کو سیاسی کشیدگی اور عدم استحکام کی فضا سے نکالا جاسکتا ہے۔

فیول ریلیف، زرمبادلہ ذخائر اور کپاس

حکومت کی جانب سے متعارف کرائے گئے فیول ریلیف پیکیج کے تحت موٹر سائیکل، رکشوں اور 800 سی سی تک کی چھوٹی گاڑیوں کو پٹرول کی قیمت میں 100 روپے فی لیٹر رعایت کا اعلان کیا گیا ہے۔ موٹر سائیکل، رکشہ اور چنگ چی والے افراد ماہانہ بیس لیٹر تک رعایتی پٹرول حاصل کرسکتے ہیں جس سے انہیں دو ہزار روپے ماہانہ تک ریلیف ملے گا جبکہ 800 سی سی تک کی گاڑیوں کے مالکان تیس لیٹر تک پٹرول پر سبسڈی حاصل کر سکتے ہیں۔ حکومتی اطلاعات کے مطابق بیس ستمبر تک تقریباً 22 لاکھ افراد نے رجسٹریشن کروائی ہے اور تقریباً 19 لاکھ ٹوکن جاری کیے جاچکے جن میں سے سات لاکھ کے قریب ٹوکن ریڈیم ہوچکے ہیں۔ اب بیس سال پرانی موٹر سائیکلوں، رکشوں اور چنگ چی کو بھی پروگرام میں شامل کرلیا گیا ہے۔ 75 ارب روپے کے بجٹ سے تقریباً ایک کروڑ اٹھارہ لاکھ افراد کے مستفید ہونے کا تخمینہ لگایا گیا ہے، جن میں موٹر سائیکلوں کی تعداد تقریباً ایک کروڑ ہے۔ اس وقت ملک میں تقریباً تین کروڑ رجسٹرڈ موٹر سائیکلیں موجود ہیں۔ مگر سوال یہ ہے حکومت نے ایک کروڑ مستحق موٹر سائیکل صارفین کا تخمینہ کس معیار اور ڈیٹا کی بنیاد پر لگایا ہے؟ یہ سکیم لوگوں کو کسی قدر ریلیف ضرور فراہم کرسکتی ہے تاہم اس کے ساتھ یہ سوال بھی موجود ہے کہ کیا حکومت طویل مدت تک اس مالی بوجھ کو برداشت کر پائے گی؟ پاکستان ہر سال تقریباً سترہ ارب ڈالر کا تیل درآمد کرتا ہے، یعنی ہم اپنی کُل ملکی برآمدات کا تقریباً پچاس فیصد زرمبادلہ تیل پر خرچ کردیتے ہیں۔ اس لیے سبسڈی مستقل حل نہیں بلکہ توانائی کے متبادل ذرائع، بانڈیا دیگر بیرونی فنانسنگ سے ہو اور دوسری طرف ملک کا تجارتی خسارہ دوبارہ بڑھنے لگے تو کچھ عرصہ بعد اضافی رقم واپس بیرون ملک چلی جاتی ہے۔ اس لیے اصل معاشی کامیابی اس وقت ہوگی جب پاکستان اپنے ذخائر میں اضافہ برآمدات، ترسیلاتِ زر، براہ راست غیر ملکی سرمایہ کاری اور پیداواری معاشی سرگرمی کے ذریعے کرے گا۔ پاکستان کی سب سے بڑی کمزوری یہی رہی ہے کہ ملک کو اپنی درآمدی ضروریات پوری کرنے کیلئے بڑی مقدار میں زرمبادلہ درکار ہوتا ہے۔ تیل، مشینری، صنعتی خام مال، کیمیکل اور دیگر ضروری اشیا کی درآمد کیلئے ہر سال اربوں ڈالر خرچ ہوتے ہیں۔ اگر برآمدات میں اسی رفتار سے اضافہ نہ ہوا تو ذخائر میں وقتی اضافہ طویل مدت تک برقرار رکھنا مشکل ہوسکتا ہے۔

کپاس کی فصل رواں سیزن میں گزشتہ سال کے مقابلے میں بہتر رہی ہے۔ پاکستان کاٹن جنرز ایسوسی ایشن کے مطابق 15 ستمبر تک ملک بھر کی جننگ فیکٹریوں میں 23 لاکھ 88 ہزار 682 گانٹھیں پہنچ چکی ہیں جبکہ گزشتہ سال اسی عرصے میں 20 لاکھ 4 ہزار 384 گانٹھیں آئی تھیں۔ یعنی ابتدائی طور پر 19.17 فیصد اضافہ دیکھنے میں آرہا ہے۔ پنجاب میں گانٹھوں کی آمد آٹھ لاکھ 60 ہزار 942 جبکہ سندھ میں 15 لاکھ 27 ہزار 740 گانٹھیں رہی ہے۔ قابلِ توجہ بات یہ ہے کہ صرف ضلع سانگھڑ میں آٹھ لاکھ 88 ہزار 607 گانٹھیں پہنچ چکی ہیں، جو پورے پنجاب سے بھی زیادہ ہیں۔ یہ صورتحال پنجاب میں کپاس کے رقبے پر بڑھتے ہوئے دباؤ؟ کی نشاندہی کرتی ہے۔ اگر گنا اور دیگر فصلیں مسلسل کپاس کی جگہ لیتی رہیں تو پاکستان کی ٹیکسٹائل صنعت کے لیے مقامی خام مال کا مسئلہ سنگین ہوسکتا ہے۔ موجودہ سیزن میں ابتدائی نتائج حوصلہ افزا ضرور ہیں لیکن ابھی شاید جشن منانے کا وقت نہیں۔ کپاس کو پنک بول ورم، سفید مکھی، بارش اور فابسر کوالٹی کے خطرات کا سامنا ہے۔ دوسری طرف روئی کی قیمت میں تقریباً 1000 روپے فی من کمی کسان کیلئے تشویش کا باعث ہے۔ حکومت کو محض 60 لاکھ گانٹھوں سے زیادہ پیداوار کے تخمینے پر مطمئن ہونے کے بجائے کسان کو مناسب قیمت، معیاری بیج، جدید ٹیکنالوجی اور موثر ٹرکیڑے مار ادویات فراہم کرنے کی ضرورت ہے۔ کپاس کی آمد میں 19 فیصد اضافہ خوش آئند لیکن اصل کامیابی تب ہوگی جب یہ اضافہ کسان کی آمدنی، ٹیکسٹائل برآمدات اور ملکی زرمبادلہ میں بھی نظر آئے۔

پاکستان میں ہر بار مہنگائی کا ذمہ دار صرف ڈالر، پٹرول یا بجلی کو قرار دینا درست نہیں ہے۔ بعض اوقات مارکیٹ میں مسابقت کی کمی بھی قیمتوں میں اضافے کی ایک اہم وجہ بن جاتی ہے۔ کمپیٹیشن کمیشن نے آل پاکستان ایڈیبل آئل ٹینکرز اونرز ایسوسی ایشن پر چھ کروڑ روپے جرمانہ عائد کیا ہے۔

☆☆☆

سیاسی کلچر اور عوام کا اقتدار اعلیٰ

پیٹرولیم کی مصنوعات میں ہوش ربا اضافے نے تمام اشیا کی قیمتوں میں کئی گنا اضافہ کردیا ہے۔ بجلی اور گیس کے نرخوں میں بھی مسلسل اضافہ اور دونوں کی لوڈشیڈنگ نے ہر شخص کی زندگی اجیرن کردی ہے۔ بجلی اور گیس کی لوڈشیڈنگ اور ان کے نرخوں میں مسلسل اضافے سے پرائیوٹ سیکٹر پہلے ہی متاثر تھا اور پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں اضافے نے نچلے طبقہ کا تو ذکر ہی کیا متوسط طبقے کی بھی کمر توڑ دی ہے۔

ایک طرف تو ملک کی آبادی کی اکثریت مہنگائی کے عذاب میں مبتلا ہے تو دوسری طرف ماہرین نفسیات کا کہنا ہے کہ طلاق کی شرح میں غیر معمولی اضافہ، خودکشی کی وارداتوں میں اضافہ اور نوجوانوں کے جرائم کرنے کی شرح میں اضافے کی بنیادی وجہ بھی مہنگائی ہے۔ پرائیوٹ سیکٹر نے اپنے اخراجات پورے کرنے کے لیے چھانٹیوں کی وارداتیں شروع کردی ہیں۔ کے تحفظ کے لیے رائج قوانین بھی نجی شعبے کو مزدوروں کی چھانٹی سے نہیں روک سکتے۔ ایک سروے کے مطابق نچلے طبقے کے بیشتر خاندان تین وقت کے کھانے سے محروم رہتے ہیں، دوسری طرف اشرافیہ کے لائف اسٹائل میں کوئی فرق نہیں آیا۔ حکمران خاندانوں میں شادیوں کے دوران قیمتی زیورات اور قیمتی ساڑھیوں کی نمائش، شدید گرمی میں ولایت کے تیار کردہ سوٹ ٹائی کا استعمال، کروڑوں روپے کی لاگت کی بڑی گاڑیوں اور حفاظتی عملہ کے ساتھ سڑکوں پر ان گاڑیوں کے دوڑنے سے عام آدمی کو ریاست سے مایوسی بڑھتی جارہی ہے، دوسری طرف پورا بلوچستان تاریخی بدنظمی کا شکار ہے۔

خیبر پختون خوا میں مکمل طور پر جنگجوؤں کی کارروائیاں بڑھتی جارہی ہیں۔ سندھ میں مہنگائی اور نئے صوبوں کے قیام کے خلاف احتجاج کے لیے جلسے جلوس تو نکل رہے ہیں مگر ایک اجتماعی احتجاج کی صورت نظر نہیں آتی۔ سیاسیات کے ماہرین کا کہنا ہے کہ منظم سیاسی کلچر ختم ہونے سے اجتماعی جدوجہد کا شعور معاشرہ میں ختم ہوگیا ہے۔ ماہرین سیاسیات کہتے ہیں کہ جنرل ضیاء الحق کے

ڈاکٹر توصیف احمد خان

دور اقتدار میں سیاست دانوں کی کردار کشی کی منظم مہم شروع ہوئی۔ طالع آزما قوتوں کے دانشور اس مہم کو تقویت دیتے رہے جب کہ سیاسی جماعتوں کے رہنما ایک دوسرے پر بدعنوان ہونے کے الزامات عائد کرتے رہے۔ اسی دور میں تعلیمی اداروں میں طلبہ یونین کا ادارہ ختم کردیا گیا، یوں نوجوان تعلیمی اداروں میں تنظیم سازی اور جمہوری رویوں کی کامیابی اور ناکامی کو برداشت کرنے کا سبق سیکھتے تھے اور اجتماعی جدوجہد کے شعور سے آگاہ ہوتے تھے وہ سلسلہ ختم ہوگیا۔ صنعتی اداروں میں مزدور یونین کے ادارہ پر عملاً پابندی عائد ہوگئی۔ لغتلاش کریں

اب مزدور یونین کی سرگرمیوں میں حصہ لینے کو ایک جرم سمجھا جانے لگا۔ جنرل ضیاء الحق کے دور اقتدار میں غیر جماعتی بنیادوں پر انتخابات کے اجتماعی شعور کا سبق کمزور ہوا۔ ایک جمہوری عمل میں ذات، برادری، فرقہ اور مذہب کو اہمیت دی جانے لگی۔ سول حکومتیں قائم ہوئیں، ان حکومتوں کے رہنماؤں نے سادگی کے لفظ کو اپنی لغت (Dictionary) سے خارج کردیا۔ حکومتی وزراء لاکھ کے شاہانہ اخراجات اور روزانہ ذرائع ابلاغ پر کئی محکموں میں کرپشن کے اسکینڈلز کے افشا ہونے سے حکمرانوں اور عوام کے درمیان فاصلے بڑھ گئے، جب سوشل میڈیا کو مقبولیت حاصل ہوئی تو منتخب نمائندوں کی شاہ خرچیاں اسمبلیوں کی کینٹین میں انتہائی سستے کھانوں کی فہرستیں وائرل ہوئیں۔

بڑی بڑی گاڑیوں کی درآمد حتیٰ کہ حکمرانوں کے لیے قیمتی جہازوں کی خریداری جیسے منصوبوں کی سوشل میڈیا پر نمائش منتخب اسمبلیوں کے ہالز میں نصب صوفوں کا برطانیہ کی پارلیمنٹ میں اراکین کے لیے نصب بنچوں کی وڈیوز، روزانہ سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر نمائش نے عوام اور سیاسی جماعتوں کے درمیان فاصلے بڑھا دیے۔ دوسری طرف مہنگائی کے طوفان اور پبلک سروس کے مہنگا ہونے کے کلچر میں عام آدمی پھنس کر رہ گیا۔ ملک بھر کے غریبوں کے علاقوں، پولیس والوں کی چیرہ دستیوں اور عدالتی نظام سے فوری طور پر انصاف نہ ملنے کی بناء پر عام آدمی کا اپنے بنیادی مسائل کے حل کے لیے اجتماعی جدوجہد کا تصور ماضی کا حصہ بن گا۔ پہلے تو تحریک انصاف اور حکومت مخالف رہنما حکومت کو فارم 47 کی پیداوار قرار دیتے تھے، اب سیاسی ڈھانچے کے بڑے حصے دار پیپلز پارٹی کے وزراء نہ کیا تو اس کا سارا فائدہ غیر سیاسی قوتوں کو ہوگا۔

بھی مسلم لیگ ن کے خلاف ایسے ہی بیان دے دیتے ہیں مگر پھر یہی پیپلز پارٹی مسلم لیگ ن کی قیادت کے ساتھ مل کر پارلیمنٹ میں قانون سازی کے لیے تعاون کا لائحہ عمل بھی تیار کرتی ہے۔ سوشلکمپوٹی جوائن اس وقت سب سے اہم سوال یہ ہے کہ سیاسی کلچر کو دوبارہ کیسے مستحکم کیا جائے؟ سیاسی کلچر کو تقویت دینے کے لیے ضروری ہے کہ اقتدار میں شامل تمام جماعتیں شفافیت کو لازمی امر قرار دیں اور اپنی صفوں میں بدعنوان عناصر کا حقیقی طور پر احتساب کریں۔ تمام منتخب اراکین سادگی کو اپنا نصب العین قرار دیں۔ کوئی شخص ولایت سے سوٹ نہ خریدے۔ حکومتی وزراء اور بیوروکریسی ایک ہزار سی سی سے زیادہ کی گاڑیاں استعمال کرنے سے اجتناب کریں۔

تمام وزراء اعلیٰ اپنے ہوائی جہاز، ایئر جنسی سروس کے سپرد کردیں اور کوئی منتخب رکن سرکاری توشہ خانہ سے کوئی سامان نہ خریدے۔ سیاسی رہنما ایک دوسرے کی کردار کشی کی روایت کو ترک کردیں۔ کالجوں اور یونیورسٹیوں میں طلبہ یونین کا ادارہ قائم کیا جائے اور ہر صنعتی ادارے میں مزدور یونین کے قیام کو لازمی قرار دیا جائے۔

نچلی سطح تک اختیارات کے بلدیاتی ادارے قائم ہونے چاہئیں تاکہ عوامی نمائندے شہری مسائل کو اپنی سطح پر حل کرلیں۔ اس کے ساتھ ہی اسکول اور کالج کی سطح پر نصاب میں آمرانہ اداروں کی تاریخ کے ابواب شامل ہونے چاہئیں تاکہ عام طالب علم مارشل لاء ادوار کے ہونے والے نقصانات سے واقف ہوسکے۔ اس طرح کے اقدامات سے ایک دفعہ پھر سیاسی جدوجہد کو مستحکم کیا جاسکتا ہے۔ مگر سیاسی جماعتوں نے شفاف جمہوری نظام اور نچلی سطح تک اختیارات کے نظام کی اہمیت کو محسوس

15 ستمبر کو جمہوریت کا عالمی دن منایا گیا۔ دنیا بھر میں جمہوری استحکام کے انڈیکس میں 165 ممالک کو شامل کیا گیا ہے۔ ان میں پاکستان کا 124 ویں نمبر ہے۔ پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری پاکستان کے واحد رہنما ہیں جنہوں نے اس دن پر خصوصی پیغام جاری کیا۔ انھوں نے پیغام میں کہا کہ جمہوریت صرف ایک نظامِ حکومت کا نام نہیں بلکہ عوام کے بنیادی حقوق میں اپنے نمائندوں کو منتخب کرنے اور ان کے احتساب کا اختیار حاصل ہونا ضروری ہے۔ عوام آزادی سے اپنے نمائندوں کو منتخب اور ان نمائندوں کے احتساب کا فریضہ ایک مضبوط سیاسی کلچر میں ہی بخوبی انجام دے سکتے ہیں۔

لانگ مارچ اور اس کے بعد

رسول بخش رئیس

ہمارے اختیاری شہر اسلام آباد کی طرف اب تک 15 لانگ مارچ، جن میں ہر بڑی سیاسی جماعت، مذہبی گروہ اور وکلا کی تحریک شامل ہے، کیے جاچکے ہیں۔ آج جب ان مارچوں کے بارے میں کچھ سوچ اور لکھ رہا ہوں تو دل کرتا ہے کہ انہیں ''یلغاریں'' کہا جائے۔ یلغار کے کئی دلچسپ معنی ہیں سرد ست ہجوم، گروہ اور تیز دوڑتے گھوڑے پر گزارہ کریں۔ 20 ستمبر کا جماعت اسلامی کا 'لانگ مارچ' اس کی اپنی تاریخ کا دوسرا بڑا اور ہمارے شہر کی تاریخ کا پندرہواں لانگ مارچ ہے۔ اگر کوئی مخبر ماؤزے تنگ کو قبر میں 'اگر انہیں دفنایا گیا تھا' یہ خبر دے کہ پاکستانی سیاسی جماعتیں ستمبر کے آخری ہفتوں میں یا اکتوبر کے قریب قریب معمول کی کارروائی کی طرح لانگ مارچ کرتی ہیں تو ان کے خلاف وہ اسی طرح کی کارروائی کا فوری حکم صادر فرمائیں گے جیسا حکم انہوں نے ثقافتی انقلاب کے دوران اپنے مخالفوں کے لیے دیا تھا۔ یہ یلغاریں لانگ مارچ کی تضحیک اور عوام کے ساتھ کسی مذاق سے زیادہ اہمیت نہیں رکھتے۔ پہلے تو ماؤزے تنگ کے لانگ مارچ کے بارے میں آپ کو بتاتا چلوں کہ وہ کس ہمت، مقابلے اور قربانی کے جذبے سے برپا کیا گیا تھا اور اس کے نتائج، انگریزی کے ''لانگ رن'' میں آخر کار کیا نکلے تھے۔

چونکہ اس وقت جماعتِ اسلامی کے 'لانگ مارچ' کی بات ہو رہی ہے، پہلے اسی کا ذکر کر لیتے ہیں۔ 29 اکتوبر 1996ء کو 'قائد تحریک' قاضی حسین احمد صاحب صاحب کی قیادت میں پاکستان پیپلز پارٹی کی حکومت کی کرپشن کے خلاف جماعت نے پہلا لانگ مارچ کیا تھا۔ نعرہ ابھی تک یاد ہے: ''ظالمو! قاضی آ رہا ہے''۔ قاضی صاحب ایک شفیق، نفیس، سلجھے ہوئے اور بہترین قائدین میں سے تھے۔ جس انداز میں انہوں نے جماعت کے اراکین اور عوام کو متحرک اور منظم کیا، شاید کوئی اور پارٹی نہ کرسکی۔ باقی سب شوہاز رہے اور معمول کی کارروائی ڈال کر گھروں کو چلے گئے۔ اس مارچ میں جماعت کے بہت سے لوگ زخمی ہوئے اور غالباً قاضی صاحب کو بھی چوٹیں آئیں۔ پیپلز پارٹی حکومت کو قاضی صاحب کی ایسی بددعا لگی کہ پانچ دن بعد پیپلز پارٹی کے اپنے صدر نے اپنی ہی جماعت کی حکومت کو رخصت کر دیا۔ قاضی صاحب نے تو اپنا فرض پورا کر دیا مگر کرپشن اس دور کے مقابلے میں کئی گنا بڑھ گئی۔ اب ان کے جانشینوں میں سے ایک، حافظ نعیم الرحمٰن صاحب پٹرول پر حکومتی ٹیکس کے خلاف احتجاج کرتے نظر آ رہے ہیں۔ ایک ماہ سے زائد عرصہ تک مختلف شہروں میں دھرنے دینے کے بعد ملکی تاریخ کے پندرہویں لانگ مارچ کا اعلان کر چکے ہیں۔ یہ تو رفتہ رفتہ معلوم ہوگا کہ کیا ہوا۔ ہوسکتا ہے کہ وہ اور ان کے کارکنان رکاوٹیں عبور کر کے کنٹینروں سے جا ٹکرائیں یا پھر آنسو گیس کے دھوئیں میں واپس چلے جائیں مگر شاید وہ انقلاب نہ آسکے جو ماؤزے تنگ چین میں لائے تھے۔ جماعتِ اسلامی ملک کی منظم اور صحیح معنوں میں ایک سیاسی جماعت ہے۔ اگرچہ اس کی مقبولیت کا معاملہ بحث طلب ہے مگر جو روایتی سیاست اور موروثی خاندانوں کی پتھر کی دیواریں حائل ہیں، انہیں عبور کرنے میں بہت وقت لگے گا۔ اس مارچ کو انہوں نے ''سپر لانگ مارچ'' کا نام دیا ہے۔ یہ تو بعد میں پتا چلے گا کہ اس میں ''سپر'' والی کون سی بات تھی۔ ایسی اشتہار بازی تو بسکٹوں، آئس کریم اور مشروبات کے ڈبوں پر دیکھنے کو ملتی ہے۔ اچھی بات ہے کہ اب لانگ مارچ بھی ''سپر'' ہوا کریں گے۔

تین اور لانگ مارچ ہیں، جن کا تذکرہ نہ کریں تو شاید تاریخ کے اندھیروں میں ہی رہیں اور یہ اگلی نسلوں کی یادوں کے احاطے میں نہ آسکیں۔ جب تحریک انصاف کی حکومت تھی تو مہنگائی کے خلاف ایک یادگار لانگ مارچ مریم نواز اور حمزہ شہباز شریف، جنہیں لوگ سیاست کی دوسری نسل کہتے ہیں، نے اسلام آباد کی طرف 2022ء [illegible] میں کیا تھا۔ اگر اُس وقت کی مہنگائی کا آج کے دور سے موازنہ کریں تو اس جواز کے مطابق کراچی سے لے کر ملک کی آخری شمالی سرحد تک پاکستان کے عوام کو دن رات، ہر ہفتے اور ہر مہینے سڑکوں پر لیفٹ رائٹ کرتے رہنا چاہیے۔ اس مہنگائی کے زمانے میں 11 ارب کا سرکاری جہاز اور اس سرکاری جہاز پر سیر و تفریح، ٹھنڈے ملکوں کی طرف اڑانیں دیکھ کر قلم کی نوک سے بھی "لانگ مارچ لانگ مارچ" کی آوازیں نکلتی ہیں۔ اسی طرح ہمارے محترم مولانا فضل الرحمٰن نے بھی تحریک انصاف کی حکومت کے خلاف " آزادی مارچ" نکالا تھا۔ سنا ہے کہ وہ اب تحریک انصاف کو آزادی دلانے کے لیے حزبِ اختلاف کے اتحاد کا حصہ بن چکے ہیں، یا بننے کے متمنی ہیں۔ خواہش کی بات نہیں کرتے، وہ کیا کسی نے کہا تھا: بدلتا ہے رنگ آسماں کیسے کیسے! آسمان رنگ بدلے نہ بدلے، مولانا صاحب اپنی ذہانت، کمال درجے کی سیاست گری، گہری بصیرت اور تدبیر سے بدلنے میں کوئی دیر نہیں لگاتے۔ شرط یہ ہے کہ سب کچھ قوم وملت کے مفاد میں ہو۔ آزادی مارچ کے مقابلے میں تحریک انصاف جب اقتدار سے ہاتھ دھو بیٹھی تو اس نے ''حقیقی آزادی مارچ'' کی کوشش کی۔ جو کچھ ہوا، اس کے بارے میں موجودہ حالات و واقعات کے تناظر میں خاموشی اختیار کرنا ہی اپنی پگڑی بچانے کے لیے بہتر ہے۔ علامہ طاہر القادری صاحب نے بھی دو لانگ مارچ انقلاب لانے کی غرض سے کیے۔ ہزاروں خواتین و حضرات، جو اُن کے مرید، پیروکار اور کارکنان میں سے تھے، سردی میں ٹھٹھرتے رہے اور ''انقلاب انقلاب'' کے نعرے لگانے کے بعد، پہلے سے تیار بسوں میں بیٹھ کر گھروں کو واپس چلے گئے۔ ہمارے کلاس فیلو، قبلہ ڈاکٹر صاحب کا اب بھی شدت سے انتظار ہے کہ کب دیارِ غیر سے واپس آ کر انقلاب لائیں گے اور ''سیاست نہیں، ریاست کو بچائیں'' گے۔

پیپلز پارٹی بلکہ محترم بلاول بھٹو کے 27 فروری 2022ء کے عوامی لانگ مارچ کی بات نہ کریں تو یہ صوبہ سندھ اور ہمارے زمانے کی سب سے بڑی پارٹی کے ساتھ ناانصافی ہوگی۔ اس عوامی لانگ مارچ کو مجھے موٹروے پر دیکھنے کا اتفاق ہوا۔ گاڑی چلاتے ہوئے چند کالے رنگ کی گاڑیوں کو فراٹے بھرتے، جنوب سے شمال کی طرف آتے دیکھا تھا۔ یہ بھی کسی سے معلوم کرنے سے پتا چلا کہ لوگ عمران خان کی حکومت کے خلاف یہاں مارچ کر رہے ہیں۔ عوامی مارچ کا جلسہ اسلام آباد میں کہیں ہوا۔ یہ سب معمول کی کارروائی معلوم ہوتی تھی مگر اس کے 30 دن بعد تحریک انصاف کی حکومت کے خلاف عدم اعتماد کی تحریک کامیاب ہو گئی اور پھر وہی ہوا جو ہوتا آیا ہے۔

☆☆☆

بقیہ 1

اہلکاروں پر نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ کے نتیجے میں دو پولیس اہلکاروں کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے محکمہ داخلہ بلوچستان سے رپورٹ طلب کرلی ہے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ انسدادِ پولیو ٹیموں کی سکیورٹی پر مامور اہلکاروں کو نشانہ بنانا انتہائی افسوسناک اور قابلِ مذمت واقعہ ہے۔ شہید پولیس اہلکار اپنی ذمہ داریاں انجام دیتے ہوئے جانوں کا نذرانہ پیش کر گئے، ان کی قربانی کو قدر کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔ انہوں نے شہید پولیس اہلکاروں کے اہلخانہ سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں سوگوار خاندانوں کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ پولیس اہلکاروں نے فرائض کی ادائیگی کے دوران اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا، جس پر انہیں خراجِ عقیدت پیش کرتے ہیں۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ واقعے کے محرکات اور اس میں ملوث عناصر کا تعین کرنے کے لیے پولیس کی جانب سے تحقیقات جاری ہیں۔ متعلقہ ادارے واقعے کے تمام پہلوؤں کا جائزہ لے رہے ہیں اور تحقیقات کی روشنی میں مزید حقائق سامنے آئیں گے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ انسدادِ پولیو مہم بچوں کو ایک خطرناک بیماری سے محفوظ رکھنے کی قومی کاوش ہے، اس مہم سے وابستہ ٹیموں کی حفاظت انتہائی اہم ہے۔ انہوں نے شہید پولیس اہلکاروں کے درجات کی بلندی اور سوگوار خاندانوں کے لیے صبرِ جمیل کی دعا کی۔

بقیہ 2

نے فائرنگ کردی جس کے نتیجے میں دو پولیس اہلکار محمد یاسر اور عبدالرؤف جاں بحق ہوگئے، جملہ آور فائرنگ کے بعد شہدا کا سرکاری اسلحہ بھی اپنے ساتھ لے کر فرار ہوگئے، واقعے کے بعد پولیس نے علاقے کو گھیرے میں لے کر ملزمان کی تلاش کے لیے آپریشن شروع کر دیا ہے۔ معاون برائے داخلہ بابر یوسفزئی نے اس دلخراش واقعے کی تصدیق کرتے ہوئے سخت الفاظ میں مذمت کی اور فتن الہندوستان کو براہ راست ذمہ دار قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ فتن الہندوستان نے نوشکی میں پولیو ٹیم کی سیکیورٹی پر مامور دو پولیس اہلکاروں کو فائرنگ کرکے شہید کر دیا ہے۔ بابر یوسفزئی نے کہا کہ پولیو ٹیم پر حملہ دراصل بلوچستان کے بچوں کے مستقبل پر حملہ ہے، فتن الہندوستان بلوچستان کے امن اور بچوں کے مستقبل کا کھلا دشمن ہے، دہشت گرد عناصر نہیں چاہتے کہ بلوچستان میں امن آئے، ترقی ہو اور بیماریوں کا خاتمہ ہو۔ وہ نہیں چاہتے کہ بلوچستان کے بچے صحت مند اور محفوظ مستقبل کی طرف بڑھیں۔ معاون داخلہ نے کہا کہ پولیو ایک خطرناک بیماری ہے جو بچوں میں مستقل معذوری کا سبب بن سکتی ہے جبکہ ویکسینیشن اس سے بچاؤ کا موثر ذریعہ ہے۔ جو عناصر پولیو ٹیموں کو نشانہ بناتے ہیں وہ درحقیقت بلوچستان کے بچوں کو صحت اور محفوظ مستقبل کے حق سے محروم کرنا چاہتے ہیں۔ فتن الہندوستان بلوچستان کے بچوں کے مستقبل سے کھیل رہا ہے

بقیہ 3

حمزہ خان زہری نے کہا کہ انسداد پولیو ٹیم پر حملہ بلوچستان کے مستقبل کے معماروں کی زندگیوں سے کھیلنے کے مترادف ہے۔ انہوں نے کہا کہ پولیو ورکرز اور ان کی حفاظت پر مامور پولیس اہلکار اپنی جانوں کی پروا کیے بغیر بچوں کو معذوری سے بچانے کے لیے فرائض انجام دے رہے ہیں۔ صوبائی مشیر نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری نے کہا کہ بلوچستان کے بچوں کو محفوظ اور صحت مند مستقبل فراہم کرنے کے لیے انسداد پولیو مہم میں ضلع انتظامیہ کے اسسٹنٹ کمشنرز کو ضروری ہدایات جاری کی جائیں گی تاکہ مختلف محکموں کی کارروائیوں میں باہمی ربط پیدا کرکے انہیں مؤثر اور منظم انداز میں انجام دیا جاسکے۔ اجلاس میں یہ بھی فیصلہ کیا گیا کہ تمام متعلقہ محکمے سب ڈویژن کی سطح پر اپنا ایک فوکل پ

بقیہ 1

مندرود جنوبی بلوچستان میں رابطہ کاری اور بنیادی ڈھانچے کی بہتری کے لیے اہم منصوبہ ہے۔ بلوچستان حکومت صوبے بھر میں معیاری روڈ انفراسٹرکچر کے ذریعے رابطوں کو بہتر بنانے اور ترقیاتی عمل کو تیز کرنے کے لیے پرعزم ہے۔انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی سیکیورٹی فورسز کی کارروائیوں کے دوران فتنہ الہندوستان کے 6 دہشتگرد ہلاک جبکہ 9 مشتبہ افراد کو گرفتار کرلیا گیا ہے۔ شاہد رند نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز نے آپریشن شعبان 2 کے تحت دہشتگرد عناصر کے خلاف مؤثر کارروائی کرتے ہوئے اہم کامیابی حاصل کی۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق کارروائی خفیہ اطلاعات کی بنیاد پر کی گئی، جس کے دوران فتنہ الہندوستان سے وابستہ 6 دہشتگرد ہلاک ہوئے۔انہوں نے کہا کہ کارروائی کے دوران ہلاک دہشتگردوں کے قبضے سے بڑی مقدار میں اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد کیا گیا، جبکہ 9 مشتبہ افراد کو حراست میں لے کر مزید تفتیش کا عمل جاری ہے۔معاون وزیر اعلیٰ برائے اطلاعات نے کہا کہ دہشتگردی کے خاتمے اور صوبے میں امن واستحکام کے لیے سیکیورٹی فورسز کی کارروائیاں جاری رہیں گی۔ دہشتگرد عناصر اور ان کے سہولت کاروں کے خلاف کارروائیاں بلاتعطل جاری رہیں گی۔ بلوچستان میں امن و امان کے قیام اور عوام کے جان و مال کے تحفظ پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ دہشتگردی کے مکمل خاتمے تک سیکیورٹی فورسز کی کارروائیاں جاری رہیں گی، قوم اپنے بہادر جوانوں کے ساتھ کھڑی ہے۔

بقیہ 2

میں پولیو مہم کی ٹیم پر نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ کے واقعے میں دو پولیس اہلکاروں کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔شاہد رند نے کہا کہ پولیو ٹیم کی سیکیورٹی پر مامور پولیس اہلکاروں کو نشانہ بنانا انتہائی افسوسناک اور قابل مذمت واقعہ ہے۔فرائض کی انجام دہی کے دوران پولیس اہلکاروں کی شہادت پر دلی رنج ہے انہوں نے شہید پولیس اہلکاروں کے ابتحانہ سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں حکومت اور پولیس شہداء کے خاندانوں کے ساتھ کھڑی ہے شاہد رند نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز نے آپریشن شعبان 2 کے تحت دہشتگرد عناصر کے خلاف مؤثر کارروائی کرتے ہوئے اہم کامیابی حاصل کی۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق کارروائی خفیہ اطلاعات کی بنیاد پر کی گئی، جس کے دوران فتنہ الہندوستان سے وابستہ 6 دہشتگرد ہلاک ہوئے۔انہوں نے کہا کہ کارروائی کے دوران ہلاک دہشتگردوں کے قبضے سے بڑی مقدار میں اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد کیا گیا، جبکہ 9 مشتبہ افراد کو حراست میں لے کر مزید تفتیش کا عمل جاری ہے۔معاون وزیر اعلیٰ برائے اطلاعات نے کہا کہ دہشتگردی کے خاتمے اور صوبے میں امن واستحکام کے لیے سیکیورٹی فورسز کی کارروائیاں جاری رہیں گی۔ دہشتگرد عناصر اور ان کے سہولت کاروں کے خلاف کارروائیاں بلاتعطل جاری رہیں گی۔ بلوچستان میں امن و امان کے قیام اور عوام کے جان و مال کے تحفظ پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ دہشتگردی کے مکمل خاتمے تک سیکیورٹی فورسز کی کارروائیاں جاری رہیں گی، قوم اپنے بہادر جوانوں کے ساتھ کھڑی ہے۔

بقیہ 3

کے خلاف سیکیورٹی فورسز کی کارروائیاں جاری ہیں، ساران جنگی کے علاقے میں خفیہ اطلاعات کی بنیاد پر کی گئی کارروائی کے دوران فتنہ الہندوستان کے 6 دہشتگرد ہلاک جبکہ 9 مشتبہ افراد کو گرفتار کرلیا گیا ہے۔شاہد رند نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز نے آپریشن شعبان 2 کے تحت دہشتگرد عناصر کے خلاف مؤثر کارروائی کرتے ہوئے اہم کامیابی حاصل کی۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق کارروائی خفیہ اطلاعات کی بنیاد پر کی گئی، جس کے دوران فتنہ الہندوستان سے وابستہ 6 دہشتگرد ہلاک ہوئے۔انہوں نے کہا کہ کارروائی کے دوران ہلاک دہشتگردوں کے قبضے سے بڑی مقدار میں اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد کیا گیا، جبکہ 9 مشتبہ افراد کو حراست میں لے کر مزید تفتیش کا عمل جاری ہے۔معاون وزیر اعلیٰ برائے اطلاعات نے کہا کہ دہشتگردی کے خاتمے اور صوبے میں امن واستحکام کے لیے سیکیورٹی فورسز کی کارروائیاں جاری رہیں گی۔ دہشتگرد عناصر اور ان کے سہولت کاروں کے خلاف کارروائیاں بلاتعطل جاری رہیں گی۔ بلوچستان میں امن و امان کے قیام اور عوام کے جان و مال کے تحفظ پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ دہشتگردی کے مکمل خاتمے تک سیکیورٹی فورسز کی کارروائیاں جاری رہیں گی، قوم اپنے بہادر جوانوں کے ساتھ کھڑی ہے۔

بقیہ 4

نمایاں تجربہ اور مہارت حاصل کی ہے جن سے بلوچستان بھی استفادہ کرسکتا ہے۔ گورنر مندوخیل نے کہا کہ بلوچستان میں ہائیر ایجوکیشن کے فروغ کیلئے جرمنی کے تعاون اور اسکے تعلیمی تجربات سے فائدہ اٹھانا انتہائی اہم ہے۔انہوں نے کہا کہ جدید دور کے تقاضوں کو مدنظر رکھتے ہوئے صوبے میں معیاری تعلیم کے ساتھ ساتھ فنی اور تکنیکی مہارتوں کے فروغ پر بھی خصوصی توجہ دی جارہی ہے۔ نوجوانوں کیلئے روزگار کے بہتر مواقع کی خاطر پرائیویٹ سیکٹر کو مزید مستحکم کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔اس سلسلے میں جدید مہارتوں، ووکیشنل ٹریننگ اور مارکیٹ کی ضروریات سے ہم آہنگ تعلیمی وتربیتی پروگرام اہم کردار ادا کرسکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ تعلیم، صحت اور قدرتی آفات سے نمٹنے کے مختلف مواقعوں پر جرمن حکومت کی جانب سے فراہم کیے جانے والے تعاون اور امداد کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔انہوں نے جرمن سرمایہ کاروں پر زور دیا کہ وہ بلوچستان میں بلیو اکانومی، فشریز، معدنیات اور زراعت سمیت مختلف شعبوں میں موجود سرمایہ کاری کے مناسب مواقعوں سے استفادہ کریں۔ دونوں رہنماؤں نے ہائیر ایجوکیشن، ووکیشنل ٹریننگ، سولر انرجی اور دیگر جدید شعبوں میں باہمی تعاون کو مزید فروغ دینے پر اتفاق کیا۔ جرمن سفیر انیا لیبل نے گورنر بلوچستان کا شکریہ ادا کرتے ہوئے بلوچستان کے عوام کی فلاح و بہبود کیلئے جرمنی کے تعاون کو جاری رکھنے کی یقین دہانی کرائی۔ملاقات کے اختتام پر جرمن سفیر انیا لیبل اور دیگر معزز مہمانوں کے اعزاز میں گورنر ہاؤس کوئٹہ میں ظہرانہ بھی دیا گیا۔ ملاقات میں اعزازی قونصل جنرل میر مراد بلوچ، میر مہم اریستا (AristaMirjam)، پارلیمنٹیرینز میر شعیب نوشیروانی، محمد خان لہڑی، برکت رند، زرک خان مندوخیل، رسک سیموئل (SamuelRisk)، صوبائی سیکرٹری ہاشم خان غلزئی اور ولی خان مندوخیل بھی شریک تھے۔

بقیہ 5

پشتونخوامیپ کے مرکزی سیکرٹری ڈاکٹر حامد خان اچکزئی اور حاجی خدائے میر آکانے بھی خطاب کیا۔ صدر مجلس نواب ایاز خان جوگیزئی نے مشاورتی جرگہ سے افتتاحی خطاب میں پشتونخوا وطن وطن میں درپیش صورتحال، سخت ترین بدامنی، تمام قومی اور صوبائی شاہراہوں کا سفر کے لیے غیر محفوظ ہونے، پشتونخوا وطن کے قومی معدنی، آبی اور جنگلی وسائل کو قبضہ کرنے کے لیے لوگوں کو اپنے آبائی وطنوں سے ہجرت کرنے پر مجبور کرنے کی جاری پالیسی، پشتونوں کی معاشی قتل عام، تجارت، کاروبار، روزگار سے محروم رکھنے، مسافری، مزدوری پر مجبور کرنے کی رواں صورتحال پر تفصیلی روشنی ڈالی۔ جرگہ کے شرکاء نے کمیٹی کے انتخاب کے لیے ناموں کی تجاویز پیش کیں جس کا اجلاس ہوا اور ورکنگ کمیٹی کے سربراہ وایگزیکٹیوز کے انتخاب کے لیے نواب ایاز خان جوگیزئی کو مکمل اختیار دیا گیا اور دعائے خیر کی گئی۔ نواب ایاز خان جوگیزئی نے جرگہ شرکاء و کمیٹی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ تمام پشتونخوا وطن اور ملک میں پشتون عوام کی حالت زار ہمارے سامنے ہیں، پشتون جس اذیت سے دوچار ہیں وہ ناقابل بیان ہیں اگر ہم نے اتحاد و اتفاق اور متحد ہوکر اپنے وطن اور قوم کے مستقبل کی حفاظت نہ کی تو تاریخ پھر ہمیں معاف نہیں کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ حالیہ جرگوں کا انعقاد پشتون قومی جرگہ بتوںمنعقدہ 11تا14 مارچ 2022ء کے اعلامیہ کی روشنی میں جاری ہیں۔ جنوبی پشتونخوا کے تمام ڈویژنز و اضلاع میں جرگوں کا انعقاد کیا گیا اور پھر اس کے بعد تین دن تک رات گئے کوئٹہ کے گرینڈ کباش ہال میں جنوبی پشتونخوا کے عوام کا جرگہ جاری رہا جس میں ہم نے تمام معززین، شرکاء اور ہر مکتبہ فکر کی آراء، تجاویز سنی اور پھر اس جرگہ میں یہ فیصلہ ہوا کہ تمام اضلاع میں مشاورتی جرگوں کا انعقاد اور ورکنگ کمیٹیوں کی تشکیل ہوگی اس سلسلے میں کوئٹہ کا جرگہ منعقد ہوا آج چمن اور پھر سلسلہ وار دیگر اضلاع میں پشتون عوام کا مشاورتی جرگوں کا انعقاد اور اس کے ذریعے ورکنگ کمیٹیاں تشکیل دی جائے گی جو ہمارے قوم کی آپس کی چھوٹی بڑی رنجشوں، قبائلی مسئلوں کو حل کرنے اور ہر شعبہ زندگی میں اپنی خدمات کو سرانجام دینے میں اپنا کردار ادا کرے گی اور ہماری عوام نے ان منتخب کمیٹیوں پر اعتماد اور ان کا بھرپور ساتھ دینا ہوگا۔ نواب ایاز خان جوگیزئی نے کہا کہ پشتونوں پر آج تجارت، کاروبار، روزگار کے دروازے بند کیئے جارہے ہیں، چمن میں باڈر ٹریڈ کی بندش، پابندیوں کے جو غیر آئینی، غیر قانونی اور پشتون دشمن فیصلے ہوئے اس نے نہ صرف چمن بلکہ تمام جنوبی پشتونخوا کے عوام کی معیشت متاثر ہوئی۔ آج چمن کے ہزاروں خاندانوں کو نان شبینہ کا محتاج بنایا گیا ہے۔ حکومت کا تجارت، روزگار پر پابندی کے اقدامات لاکھوں پشتونوں کے معاشی قتل عام اور بدامنی کو فروغ دینے کے مترادف ہیں، ہم چمن کے عوام کے ساتھ ہر موقع پر کھڑے رہے ہیں اور چمن کے عوام آئندہ بھی جو فیصلہ کرینگے ہم ان کے ساتھ ہر سطح پر کھڑے ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ مائنز ومنرل ایکٹ، دہشتگردی، بدامنی مسلط کرکے ہمارے عوام کے وسائل، زمینوں، جنگلات، معدنیات کو لوٹنے، قبضہ گیری کے لیے خوف وہراس پھیلایا جارہا ہے، ہنہ اوڑک، زیارت، شاہرگ ہرنائی، دکی ودیگر اضلاع وعلاقوں میں دہشت گردانہ واقعات اور اس میں بے گناہ انسانی جانوں کا ضیاع، شاہراہوں کی غیر محفوظ ہونے، اغواء کاری، چوری، ڈکیتی کی وارداتیں، شہریوں کے سرمایل کو سنگین خطرات لاحق ہوچکے ہیں۔ اور اس کی ذمہ دار فارم 47 کی حکومت ہے جو گذ گورنس، امن وامان کے قیام اور عوام کے سرمایل کی تحفظ میں ناکام ہے۔ نواب ایاز خان جوگیزئی نے کہا کہ ملک کو موجودہ بحرانوں سے نجات کی راہ پشتونخوا میپ کے محبوب چیئرمین، تحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ اور قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی نے دکھا دی ہے۔ محمود خان اچکزئی کی تجاویز پر عملدرآمد ہی ملک کو بحرانوں سے نجات دلاسکتا ہے لیکن ملک کے حکمران ملک میں مزید سیاسی عدم استحکام، معاشی، معاشرتی بحرانوں کی جانب دھکیلنے اور ملک کو عالمی طور پر تنہائی سے نہیں نکالنا چاہتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ جرگہ پشتون اعلیٰ روایات اور ثقافت کا حصہ ہے اور یہی جرگے ہماری قوم کی بقاء، اتحاد واتفاق قائم رکھنے کے لیے سودمند ثابت ہوگی۔ جہاں بھی پشتون عوام پر سخت حالات ہونگے ہمیں اس کے لیے اپنی آواز بلند کرنی ہوگی۔

بقیہ 6

،امریکا آج ماضی کے مقابلے میں بہت زیادہ طاقتور ہے، مستقبل پہلے سے بہت زیادہ روشن ہے، دنیا کی طاقتور ترین فوج ہے، امریکی سرحدیں پہلے کے مقابلے میں زیادہ محفوظ ہیں، کسی عالمی ادارے کو امریکی شہریوں کے خلاف کارروائی کی اجازت نہیں دیں گے اور امریکا اپنے شہریوں اور قومی مفادات کا ہر صورت دفاع کرے گا، امریکا اپنے فوجی اہلکاروں کو کسی بھی امریکا مخالف ٹریبونل کے نام نہاد اور نمائشی ٹرائلز کا نشانہ بننے کی ہرگز اجازت نہیں دے گا۔ منگل کو یہاں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی سے خطاب کرتے ہوئے ٹرمپ نے کہا کہ امریکا آج ماضی کے مقابلے میں بہت زیادہ طاقتور ہے، امریکا آگے بڑھ رہا ہے اور امریکا کا مستقبل پہلے سے بہت زیادہ روشن ہے۔انہوں نے کہا کہ آج امریکا میں دنیا کے کسی بھی ملک سے زیادہ سرمایہ کاری ہو رہی ہے، امریکی فوج دنیا کی طاقتور ترین فوج ہے، آج امریکی سرحدیں پہلے کے مقابلے میں زیادہ محفوظ ہیں، امریکا میں آج 125 سال کے مقابلے میں قتل کی وارداتوں کی شرح کم ترین ہے۔ٹرمپ نے کہا کہ لوگوں نے امن کی باتیں کیں، میں نے امن کا قیام ممکن بنایا، امریکا میں غربت کی شرح ریکارڈ سطح تک نیچے آ گئی ہے۔امریکی صدر نے کہا کہ ایران مشرق وسطیٰ میں بدمعاشی کرتا تھا لیکن اب نہیں کرسکتا، ایران کسی صورت ایٹمی ہتھیار نہیں رکھ سکتا، ایران دنیا میں دہشتگردی کو پروموٹ کررہا تھا۔ٹرمپ نے کہا کہ تہران سے معاہدہ کرنا چاہا لیکن ایران نے انکار کردیا، ایران کی دہشتگرد رجیم بہت برے طرز عمل کا مظاہرہ کررہی ہے، ایران کا برا طرز عمل اس لیے نہیں کہ وہ طاقتور ہیں بلکہ اس لیے کہ وہ کمزور ہوگئے ہیں۔امریکی صدر نے کہا کہ ایران کی معیشت تباہ ہوچکی اور اب وہاں مہنگائی 300 فیصد ہوچکی ہے۔انہوں نے کہا کہ انہیں یقین ہے کہ ڈٹرم الیکشن کے بعد ایران سے ڈیل ہوجائے گی۔انہوں نے کہا کہ ایران دیکھنا چاہتے ہیں کہ ڈٹرم الیکشن میں میری پوزیشن کیا رہتی ہے، ایرانیوں کو احساس نہیں کہ میں تو ڈٹرم الیکشن میں لڑ ہی نہیں رہا۔امریکی صدر نے دعویٰ کیا کہ امریکی بحریہ نے آبنائے ہرمز سے ایک ارب بیرل تیل نکلوایا ہے۔انہوں نے جنرل اسمبلی اجلاس سے خطاب میں ایک بار پاکستان اور بھارت کی جنگ ختم کرانے کا ذکر کیا۔اپنے خطاب میں ٹرمپ نے تمام ممالک سے اپیل کی کہ وہ بین الاقوامی فوجداری عدالت سے نکل جائیں۔ٹرمپ نے کہا کہ کوئی بھی عالمی ادارہ امریکا پر اپنا ایجنڈا مسلط کرنے کی کوشش نہ کرے، عالمی فوجداری عدالت کو امریکی شہریوں پر دائرہ اختیار حاصل نہیں، امریکا کی خودمختاری اور سلامتی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، کسی عالمی ادارے کو امریکی شہریوں کے خلاف کارروائی کی اجازت نہیں دیں گے اور امریکا اپنے شہریوں اور قومی مفادات کا ہر صورت دفاع کرے گا۔ٹرمپ نے کہا کہ امریکا اپنے فوجی اہلکاروں کو کسی بھی امریکا مخالف ٹریبونل کے نام نہاد اور نمائشی ٹرائلز کا نشانہ بننے کی ہرگز اجازت نہیں دے گا۔ منگل کو یہاں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی سے خطاب کرتے ہوئے ٹرمپ نے کہا کہ امریکا آج ماضی کے مقابلے میں بہت زیادہ طاقتور ہے، امریکا آگے بڑھ رہا ہے اور امریکا کا مستقبل پہلے سے بہت زیادہ روشن ہے۔انہوں نے کہا کہ آج امریکا میں دنیا کے کسی بھی ملک سے زیادہ سرمایہ کاری ہو رہی ہے، امریکی فوج دنیا کی طاقتور ترین فوج ہے، آج امریکی سرحدیں پہلے کے مقابلے میں زیادہ محفوظ ہیں، امریکا میں آج 125 سال کے مقابلے میں قتل کی وارداتوں کی شرح کم ترین ہے۔ٹرمپ نے کہا کہ لوگوں نے امن کی باتیں کیں، میں نے امن کا قیام ممکن بنایا، امریکا میں غربت کی شرح ریکارڈ سطح تک نیچے آ گئی ہے۔امریکی صدر نے کہا کہ ایران مشرق وسطیٰ میں بدمعاشی کرتا تھا لیکن اب نہیں کرسکتا، ایران کسی صورت ایٹمی ہتھیار نہیں رکھ سکتا، ایران دنیا میں دہشتگردی کو پروموٹ کررہا تھا۔ٹرمپ نے کہا کہ تہران سے معاہدہ کرنا چاہا لیکن ایران نے انکار کردیا، ایران کی دہشتگرد رجیم بہت برے طرز عمل کا مظاہرہ کررہی ہے، ایران کا برا طرز عمل اس لیے نہیں کہ وہ طاقتور ہیں بلکہ اس لیے کہ وہ کمزور ہوگئے ہیں۔امریکی صدر نے کہا کہ ایران کی معیشت تباہ ہوچکی اور اب وہاں مہنگائی 300 فیصد ہوچکی ہے۔انہوں نے کہا کہ انہیں یقین ہے کہ ڈٹرم الیکشن کے بعد ایران سے ڈیل ہوجائے گی۔انہوں نے کہا کہ ایران دیکھنا چاہتے ہیں کہ ڈٹرم الیکشن میں میری پوزیشن کیا رہتی ہے، ایرانیوں کو احساس نہیں کہ میں تو ڈٹرم الیکشن میں لڑ ہی نہیں رہا۔امریکی صدر نے دعویٰ کیا کہ امریکی بحریہ نے آبنائے ہرمز سے ایک ارب بیرل تیل نکلوایا ہے۔انہوں نے جنرل اسمبلی اجلاس سے خطاب میں ایک بار پاکستان اور بھارت کی جنگ ختم کرانے کا ذکر کیا۔اپنے خطاب میں ٹرمپ نے تمام ممالک سے اپیل کی کہ وہ بین الاقوامی فوجداری عدالت سے نکل جائیں۔ٹرمپ نے کہا کہ کوئی بھی عالمی ادارہ امریکا پر اپنا ایجنڈا مسلط کرنے کی کوشش نہ کرے، عالمی فوجداری عدالت کو امریکی شہریوں پر دائرہ اختیار حاصل نہیں، امریکا کی خودمختاری اور سلامتی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، کسی عالمی ادارے کو امریکی شہریوں کے خلاف کارروائی کی اجازت نہیں دیں گے اور امریکا اپنے شہریوں اور قومی مفادات کا ہر صورت دفاع کرے گا۔ٹرمپ نے کہا کہ امریکا اپنے فوجی اہلکاروں کو کسی بھی امریکا مخالف ٹریبونل کے نام نہاد اور نمائشی ٹرائلز کا نشانہ بننے کی ہرگز اجازت نہیں دے گا۔ قانون نافذ کرنے والے ادارے واقعے کے تمام پہلوؤں کا جائزہ لے رہے ہیں۔انہوں نے شہداء کے درجات کی بلندی اور سوگوار خاندانوں کے لیے صبر جمیل کی دعا بھی کی۔

بقیہ 3

کے خلاف سیکیورٹی فورسز کی کارروائیاں جاری ہیں، ساران جنگی کے علاقے میں خفیہ اطلاعات کی بنیاد پر کی گئی کارروائی کے دوران فتنہ الہندوستان کے 6 دہشتگرد ہلاک جبکہ 9 مشتبہ افراد کو گرفتار کرلیا گیا ہے۔شاہد رند نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز نے آپریشن شعبان 2 کے تحت دہشتگرد عناصر کے خلاف مؤثر کارروائی کرتے ہوئے اہم کامیابی حاصل کی۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق کارروائی خفیہ اطلاعات کی بنیاد پر کی گئی، جس کے دوران فتنہ الہندوستان سے وابستہ 6 دہشتگرد ہلاک ہوئے۔انہوں نے کہا کہ کارروائی کے دوران ہلاک دہشتگردوں کے قبضے سے بڑی مقدار میں اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد کیا گیا، جبکہ 9 مشتبہ افراد کو حراست میں لے کر مزید تفتیش کا عمل جاری ہے۔معاون وزیر اعلیٰ برائے اطلاعات نے کہا کہ دہشتگردی کے خاتمے اور صوبے میں امن واستحکام کے لیے سیکیورٹی فورسز کی کارروائیاں جاری رہیں گی۔ دہشتگرد عناصر اور ان کے سہولت کاروں کے خلاف کارروائیاں بلاتعطل جاری رہیں گی۔ بلوچستان میں امن و امان کے قیام اور عوام کے جان و مال کے تحفظ پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ دہشتگردی کے مکمل خاتمے تک سیکیورٹی فورسز کی کارروائیاں جاری رہیں گی، قوم اپنے بہادر جوانوں کے ساتھ کھڑی ہے۔

بقیہ 7

اپوزیشن جماعتوں کے باہمی تعاون اور آئندہ کے سیاسی لائحہ عمل پر تفصیلی مشاورت کی گئی۔ دونوں رہنماؤں نے سیلمہ خان، عظمی خان اور نورین نیازی کی گرفتاریوں کی شدید مذمت کی، سیاسی رہنماؤں و کارکنان کو ہراساں کرنے اور گرفتاریوں پر بھی شدید مذمت کا اظہار کیا۔ملاقات میں سیاسی سرگرمیوں کے خلاف جاری اقدامات پر تشویش کا اظہار کیا گیا۔اعلامیے کے مطابق 27 ستمبر کے لانگ مارچ کے حوالے سے بھی تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا، اپوزیشن اتحاد کے مطابق مارچ مکمل طور پر پرامن ہوگا اور جمہوری وآئینی حقوق کے لیے ہوگا۔رہنماؤں نے کہا کہ مارچ کے حتمی دن کا فیصلہ ہم خود کریں گے کہ کب آنا ہے۔

بقیہ 8

دوطرفہ تعلقات کو مضبوط بنانے اور دفاعی وسیکورٹی تعاون کو مزید بڑھانے کا عزم کیا گیا۔آئی ایس پی آر کی جانب سے جاری بیان کے مطابق فرانس کے سیکرٹری جنرل برائے دفاع وقومی سلامتی نے پاکستان میں فرانس کے سفیر کے ہمراہ جی ایچ کیو راولپنڈی کا دورہ کیا اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے ملاقات کی۔ ترجمان پاک فوج کے مطابق ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا، علاقائی سلامتی اور دفاع وسیکورٹی کے شعبوں میں دوطرفہ تعاون پر بھی بات چیت کی گئی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق ملاقات میں فیلڈ مارشل نے دوطرفہ تعلقات کو مضبوط بنانے اور دفاعی وسیکورٹی تعاون کو مزید بڑھانے کے پاکستان کے عزم کا اعادہ کیا۔مسٹر کولس روشے نے علاقائی امن واستحکام کے فروغ کے لیے پاکستان کی کوششوں کا اعتراف کیا۔آئی ایس پی آر کے مطابق ملاقات کے دوران باہمی دلچسپی کے شعبوں میں تعاون کو وسعت دینے سے متعلق فرانس کی دلچسپی کا اعادہ کیا۔

بقیہ 9

لینڈ بنانے کا مطالبہ کردیا۔سینیٹ میں اپوزیشن لیڈر راجا ناصر عباس نے میڈیا سے گفتگو میں کہا کہ اگر دونوں جانب سے سیاسی کمیٹیاں بیٹھیں تو مسائل کا حل نکل سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت جب بھی مذاکرات کے لیے تیار ہو، ہماری جانب سے دروازے کھلے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ملک کو بحران سے نکالنے کے لیے سنجیدہ اور بامعنی مذاکرات ناگزیر ہیں، وزیراعظم ایک ایسی ٹیم تشکیل دیں جس میں بااختیار اور فیصلہ سازی کرنے والے افراد شامل ہوں تاکہ مسائل کا قابل عمل حل نکالا جاسکے۔ادھر چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے بھی میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ گزشتہ رات سے وفاقی سطح پر متعلقہ شخصیات سے رابطے جاری ہیں اور حالیہ واقعات کے حوالے سے اپنا مقف پہنچایا جاچکا ہے۔ بیرسٹر گوہر نے مطالبہ کیا کہ ایسے اقدامات سے گریز کیا جائے جو صورتحال کو مزید کشیدہ کریں، کیونکہ گرفتاریاں حالات کو مزید خراب کرسکتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اب وقت ہے کہ حالات کو بگڑنے سے روکا جائے۔انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی اسلام آباد پر چڑھائی کا ارادہ نہیں رکھتی بلکہ پارلیمنٹ، سینیٹ اور دیگر فورمز پر آواز اٹھائی گئی لیکن شنوائی نہیں ہوئی۔انہوں نے سوال اٹھایا کہ سیاسی چیمپئن بتائیں کہ احتجاج کے علاوہ ان کے پاس اور کیا راستہ رہ جاتا ہے۔

بقیہ 10

ہے۔ایکسٹینڈڈ فنڈ فیسلٹی پروگرام (ای ایف ایف) کے تحت قرض کی پانچویں قسط کے لیے مذاکرات دو ہفتے جاری رہیں گے۔آئی ایم ایف کے مشن کو جون تک کی معاشی سرگرمیوں پر بریفنگ دی جائے گی جبکہ آئی ایم ایف سے اسٹرکچرل بینچ مارکس کے تحت اہداف پر بھی بات ہوگی، پاکستان معاشی اصلاحات کے اہداف پر آئی ایم ایف سے مذاکرات کرے گا۔ مذاکرات میں توانائی کے شعبے میں اصلاحات پر بھی بات چیت ہوگی جبکہ بجلی اور گیس کے شعبوں کے سرکلر ڈیبٹ سے متعلق اہداف زیر بحث آئیں گے۔آئی ایم ایف کے ساتھ مذاکرات کامیاب ہونے پر پاکستان کو 1.2 ارب ڈالر تک ملنے کا امکان ہے۔ای ایف ایف کی پانچویں قسط میں تقریباً ایک ارب ڈالر اور موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے کے لیے پاکستان کو 20 کروڑ ڈالر ملنے کا امکان ہے۔پاکستان نے 37 ماہ کا آئی ایم ایف پروگرام ستمبر 2024 میں حاصل کیا تھا،ای ایف ایف پروگرام کی پہلی ایک ارب ڈالر کی قسط ستمبر 2024 میں ملی، پاکستان کو ایک ارب ڈالر کی دوسری قسط مئی 2025 میں موصول ہوئی تھی جبکہ تیسری قسط 11 دسمبر 2025 کو موصول ہوئی تھی۔

بقیہ 11

بڑھتے پیش قدمی اور باب المندب کے قریب ان کے بڑھتے اثر ورسوخ پر بات چیت کی گئی۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق چار باخبر ذرائع نے نام نہ ظاہر کرنے کی شرط پر بتایا کہ یمنی صدر نے سعودی حمایت یافتہ یمنی حکومت کی جانب سے حوثیوں کے خلاف لڑائی میں امریکی صدر سے مدد طلب کی ہے۔تاہم دو ذرائع جن میں ایک یمنی اور ایک مغربی اہلکار بھی شامل ہے، نے بتایا کہ صدر ٹرمپ نے یمنی صدر سے گفتگو کے دوران کسی قسم کی فوجی مدد فراہم کرنے کا کوئی براہ راست وعدہ نہیں کیا۔

بقیہ 12

۔وزیراعظم نے کہا کہ حکومت جس قدر ممکن ہوا عوام کو ریلیف کی فراہمی یقینی بناتی رہے گی۔امیر جماعت اسلامی نے وزیراعظم کی تجویز کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ جماعت اسلامی دھرنا مؤخر کرنے پر غور کررہی ہے۔ دونوں رہنماؤں نے وزیراعظم کے دورے کے بعد ملاقات کرنے اور اس امر پر مزید مشاورت جاری رکھنے پر اتفاق کیا دریں اثناء جماعت اسلامی نے لانگ مارچ اکتوبر کے پہلے ہفتے تک موخر کرنے کا اعلان کردیا۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف نے ہم سے مارچ موخر کرنے کی درخواست کی، وزیراعظم نے ہمیں ملاقات کی دعوت دی، ان سے ملاقات ضرور کریں گے، وہ جب پاکستان آئیں گے تو ان سے بات کریں گے، حکومت سے تحریری یقین دہانی لیں گے۔انہوں نے کہا کہ وزیراعظم نے کہا کہ وطن واپس آکر جماعت اسلامی کے ساتھ مل کر عوام کو ریلیف دوں گا، طویل مشاورت کی، مشاورت کے بعد طے کیا ہے کہ احتجاج سے دستبردار نہیں ہوں گے، ہم لانگ مارچ سے بھی دستبردار نہیں ہوں گے۔حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا کہ صورتحال خراب ہے تو اس کی ذمے دار حکومت ہے، دھرنے جاری رہیں گے، وزیراعظم وطن آئیں تو ہم ان سے بات کریں گے، اگر وہ ریلیف دیں گے تو ٹھیک ورنہ پھر ہم اکتوبر میں لانگ مارچ کریں گے۔امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ عوام مہنگائی کی آگ میں جل رہے ہیں، ہماری شٹر ڈاؤن ہڑتال کی وجہ سے حکومت پر دباؤ پڑا، حکومت کو پیٹرول کی قیمتیں کم کرنے کے لیے مختلف تجاویز دیں، حکومت نے کہا ہے کہ آئی ایم ایف کے وفد سے مذاکرات کے لیے پیغام بھیجا ہے، ہم نے تو اابھی آغاز کیا ہے۔فیدان کے اس جواب پر ہال میں موجود افراد نے تالیاں بجائیں۔ترکیہ کے وزیر خارجہ نے مکہ دفاعی معاہدے کے حوالے سے کہا کہ اس کا مقصد خطے کے ممالک کے درمیان ایک دوسرے کی سلامتی، خودمختاری اور علاقائی سلامیت کے احترام اور باہمی تعاون کو مضبوط بنانا ہے۔انہوں نے کہا کہ ترکیہ، سعودی عرب اور پاکستان کے درمیان اس سلسلے میں ایک روڈ میپ موجود ہے اور معاہدے کو ادارہ جاتی شکل دینے کے بعد دوسرے ممالک کے لیے بھی اس میں شمولیت کے دروازے کھلے ہوں گے۔فیدان کے مطابق مکہ دفاعی معاہدے پر گزشتہ پانچ سے چھ برس سے غور کیا جارہا تھا، تاہم متعلقہ ممالک کو اس پر آمادہ کرنے میں وقت لگا۔انہوں نے کہا کہ خطے کے ممالک نے علاقائی تعاون اور یکجہتی کی اہمیت کو سمجھا ہے۔ترک وزیر خارجہ نے اپنے جواب میں بنیادی طور پر یہ نکتہ اٹھایا کہ نیٹو جیسے طویل عرصے سے قائم دفاعی اتحاد کے آرٹیکل 5 کو بھی اس کی تاریخ میں صرف ایک مرتبہ باقاعدہ طور پر فعال کیا گیا، اس لیے ایک نئے دفاعی انتظام سے فوری طور پر ہر علاقائی بحران کے حل کی توقع کرنا مناسب معیار نہیں۔مذکورہ گفتگو نیویارک میں منعقدہ پینل کے دوران ہوئی، جس میں ترکیہ اور امریکا کے تعلقات کے علاوہ عالمی اور علاقائی سلامتی، دفاعی تعاون اور مختلف بین الاقوامی بحرانوں پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔

بقیہ 13

کے 6 دہشتگرد ہلاک جبکہ 9 مشتبہ افراد کو گرفتار کرلیا گیا۔معاون وزیراعلیٰ برائے اطلاعات وسیاسی امور شاہد رند کے مطابق سیکیورٹی فورسز نے ساران جنگی میں خفیہ اطلاعات کی بنیاد پر شعبان 2 کے تحت کارروائی کی، جس میں 6 دہشتگرد مارے گئے۔انہوں نے بتایا کہ کارروائی کے دوران

جامعہ گوادر کے مینجمنٹ سائنسز ڈپارٹمنٹ کے طلبہ کا گوادر اتھارٹی کا مطالعاتی دورہ، بندرگاہی امور، مالیاتی نظم ونسق اور اسٹریٹجک مینجمنٹ کے عملی پہلوؤں پر بریفنگ دے رہے ہیں

نوشکی میں پولیو ٹیم پر حملہ 2 پولیس اہلکار جاں بحق

حملہ آور فائرنگ کے بعد شہدا کا سرکاری اسلحہ بھی اپنے ساتھ لے کر فرار، پولیس نے آپریشن شروع کر دیا

انسدادِ پولیو ٹیموں کی سکیورٹی پر مامور اہلکاروں کو نشانہ بنانا انتہائی افسوسناک اور قابلِ مذمت واقعہ ہے، وزیر اعلیٰ

کوئٹہ (این این آئی) ضلع نوشکی کے علاقے کلی جمال آباد میں پولیو مہم کی ٹیم کی سکیورٹی پر مامور پولیس اہلکاروں پر نامعلوم مسلح افراد (بقیہ نمبر2 صفحہ 2پر)

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے نوشکی کے علاقے کلی جمال آباد میں انسدادِ پولیو ٹیم کی سکیورٹی پر مامور پولیس (بقیہ نمبر 1 صفحہ 2پر)

لسبیلہ کے مختلف علاقوں میں سولر واٹر بورز کی تنصیب جاری

بیلا (یو این اے) لسبیلا مختلف علاقوں میں سولر واٹر بورز کی تنصیب کا سلسلہ جاری، گوٹھ حوالدار صالح محمد بدھ کے مکینوں کا سینیٹر اسد قاسم روانجھو سے اظہارِ تشکر چیئرمین سینیٹ قائمہ کمیٹی برائے کشمیر، گلگت بلتستان وسفران سینیٹر اسد قاسم (بقیہ نمبر 4 صفحہ 2پر)

کوئٹہ، سریاب روڈ اور مشرقی بائی پاس کے علاقوں میں تجاوزات کی بھرمار، ٹریفک کا نظام درہم برہم

کوئٹہ (یو این اے) ضلعی انتظامیہ کی مبینہ عدم توجہی اور سریاب کو 'ایسٹ' اور 'ویسٹ' اضلاع میں تقسیم کرنے کی مشاورت کے باعث سریاب کا بیشتر علاقہ تجاوزات کا گڑھ بن گیا ہے۔ اس صورتحال کے باعث شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے

پولیو ورکرز سمیت حفاظتی اہلکاروں کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے، نوابزادہ امیر حمزہ زہری

انسداد پولیو ٹیم پر حملہ بلوچستان کے مستقبل کے معماروں کی زندگیوں سے کھیلنے کے مترادف ہے

کوئٹہ (خ ن) پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی رہنما وصوبائی مشیر بلدیات و دیہی ترقی نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری نے نوشکی میں انسداد پولیو ٹیم پر حملے کی مذمت کرتے ہوئے پولیس اہلکاروں کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے اپنے ایک بیان میں نوابزادہ امیر (بقیہ نمبر 3 صفحہ 2پر)

جامعہ تربت کا نوجوانوں کو جدید ٹیکنالوجی اور پیشہ ورانہ مہارتوں سے آراستہ کرنے کا عزم

پرو وائس چانسلر کاشی کیمپس میں آئی ٹی کورسز کی کلاسز کا دورہ، طلبہ کی کارکردگی اور جدید تدریسی و تربیتی سہولیات کا جائزہ

تربت (این این آئی) جامعہ تربت کے پرو وائس چانسلر ڈاکٹر کمال احمد نے سٹی کیمپس میں جامعہ تربت کے زیرِ اہتمام جاری آرٹیفیشل انٹیلیجنس، ڈیجیٹل فوٹوگرافی اور دیگر آئی ٹی و پیشہ ورانہ کورسز کی کلاسز کا تفصیلی دورہ کیا اور طلبہ کے لرننگ آؤٹ کم اور تربیتی معیار کا جائزہ لیا۔ (بقیہ نمبر5 صفحہ 2پر)

بھرتیوں کے عمل کو مؤثر، منظم اور غیر جانب دار بنایا جائے، بابر خان

کسی قسم کی سفارش دباؤ یا غیر ضروری مداخلت ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی

کوئٹہ (خ ن) سیکریٹری مواصلات وتعمیرات بابر خان نے کہا ہے کہ محکمہ مواصلات وتعمیرات میں لواحقین کوٹہ کے تحت بھرتیوں کا عمل مکمل طور پر میرٹ شفافیت اور مقررہ (بقیہ نمبر10 صفحہ 2پر)

سنیئر سٹیزن کی خدمت ہماری اولین ترجیح ہے، احمد علی درانی

سینئر سٹیزنز کے مسائل کو حل کرنے کے لیے تمام تر ممکنہ اقدامات کیے جا رہے ہیں

کوئٹہ (خ ن) چیئرمین بلوچستان سینیئر سٹیزن کونسل احمد علی درانی نے کہا ہے کہ سینیئر سٹیزن بلوچستان بھر میں ان کی خدمت ہماری اولین ترجیح ہے سینیئر سٹیزنز کو جو (بقیہ نمبر 11 صفحہ 2پر)

کوئٹہ ڈپٹی کمشنر مہر اللہ بادینی لیاقت علی ہزارہ کو تعریفی شٹوفکیٹ دے رہے ہیں

پولیو کے لیے مؤثر اقدامات یقینی بنائے جائیں، ذیشان لاشاری

انکاری خاندانوں کو بھی مؤثر انداز میں کور اور کسی بچے کو پولیو کے قطروں سے محروم نہ رہنے دیا جائے

کوئٹہ (خ ن) کمشنر کوئٹہ ڈویژن ذیشان لاشاری نے انسداد پولیو مہم کے دوران مری آباد کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے پولیو ٹیموں کی کارکردگی، فیلڈ سرگرمیوں اور مانیٹرنگ (بقیہ نمبر121 صفحہ 2پر)

ڈپٹی کمشنر کی زیرِ صدارت ڈویژنل کوآرڈینیشن اجلاس

مسائل کے حل کے لیے تمام محکموں کی مشترکہ اور بروقت کارروائیاں ضروری ہیں، میر اللہ بادینی

کوئٹہ (خ ن) کمشنر کوئٹہ ڈویژن کی ہدایت پر ڈپٹی کمشنر کوئٹہ میر اللہ بادینی کی زیرِ صدارت ڈویژنل کوآرڈینیشن اجلاس منعقد ہوا، جس میں ڈپٹی کمشنر کوئٹہ ویسٹ منیر احمد (بقیہ نمبر 13 صفحہ 2پر)

جامعہ تربت کا نوجوانوں کو جدید ٹیکنالوجی اور پیشہ ورانہ مہارتوں سے آراستہ کرنے کا عزم

پرو وائس چانسلر کاشی کیمپس میں آئی ٹی کورسز کی کلاسز کا دورہ، طلبہ کی کارکردگی اور جدید تدریسی و تربیتی سہولیات کا جائزہ

تربت (این این آئی) جامعہ تربت کے پرو وائس چانسلر ڈاکٹر کمال احمد نے سٹی کیمپس میں جامعہ تربت کے زیرِ اہتمام جاری آرٹیفیشل انٹیلیجنس، ڈیجیٹل فوٹوگرافی اور دیگر آئی ٹی و پیشہ ورانہ کورسز کی کلاسز کا تفصیلی دورہ کیا اور طلبہ کے لرننگ آؤٹ کم اور تربیتی معیار کا جائزہ لیا۔ (بقیہ نمبر5 صفحہ 2پر)

کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطاء کی زیر صدارت منعقد اجلاس میں فشرمین کوآپریٹو سوسائٹی عہدیداران شریک ہیں

دہشتگردی کے خاتمے اور امن کیلئے کارروائیاں جاری رہیں گی، ہدرند شاہ

پولیو ٹیم کی سکیورٹی پر مامور پولیس اہلکاروں کو نشانہ بنانا انتہائی افسوسناک اور قابل مذمت واقعہ ہے

بلوچستان کے عوام کے جان و مال کے تحفظ اور پائیدار امن کے لیے ریاستی ادارے پوری طرح متحرک ہیں

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان کے معاون برائے اطلاعات وسیاسی امور شاہد رند نے کہا ہے کہ بلوچستان میں دہشگرد (بقیہ نمبر4 صفحہ 3پر)

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان کے معاون برائے اطلاعات وسیاسی امور شاہد رند نے کہا ہے کہ بلوچستان کے علاقے کلی جمال آباد (بقیہ نمبر2 صفحہ 3پر)

اوتھل پولیس نے اشتہاری ملزم کو گرفتار کر لیا

اوتھل (این این آئی) کراچی کے تھانہ سعود آباد پولیس کو مطلوب اشتہاری مجرم گرفتار، SSP لسبیلہ نجیب اللہ پندرانی کی جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کارروائی کی خصوصی ہدایت پر SHO لیاری شاہد اقبال کی کامیاب کارروائی، تھانہ سعود آباد پولیس کراچی کو مطلوب اشتہاری مجرم گرفتار کر لیا

خضدار میں پولیس تھانہ پر مسلح افراد کا حملہ، ایس ایچ او فائرنگ سے زخمی

خضدار (این این آئی) ضلع خضدار میں مسلح افراد کا تھانے پر حملہ، سیکورٹی فورسز کی جوابی کارروائی کے دوران ایک پولیس آفیسر زخمی ہوگیا۔ پولیس کے مطابق مطابق منگل کو خضدار کے علاقے باغبانہ میں پولیس تھانہ پر مسلح افراد کے حملہ کر کے تھانے کی عمارت کو نقصان پہنچایا واقعہ کی (بقیہ نمبر20 صفحہ 2پر)

حکومت سیکورٹی اداروں کی مدد سے غیر ریاستی عناصر کا جلد صفایا کرے گی، صادق عمرانی

غیر ریاستی عناصر تخریبی کارروائیوں کے ذریعے ہی حکومتی کوششوں کو سبوتاژ کرنے کی کوشش کر رہے ہیں

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان کے سینیئر صوبائی وزیر، پیپلز پارٹی کے سینٹرل کمیٹی کے رکن و پارلیمانی لیڈر اور صوبائی وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی نے ضلع نوشکی کے علاقہ جمال آباد میں انسدادِ پولیو مہم کی ٹیم کی حفاظت پر مامور پولیس اہلکاروں پر فائرنگ کے نتیجے میں دو پولیس (بقیہ نمبر 19 صفحہ 2پر)

گورنر سندھ نہال ہاشمی سے کمانڈر کراچی وائس ایڈمرل محمد فیصل عباسی ملاقات کر رہے ہیں

پی آئی ڈی بقایا جات کی ادائیگی یقینی بنائے، اے پی این ایس

سندھ کے اخبارات کو نظر انداز کرنا اور ادائیگی میں تاخیر باعث تشویش ہے، جاوید مہر شمسی

کراچی (پ ر) آل پاکستان نیوز پیپرز سوسائٹی کی سندھ کمیٹی کا اجلاس چیئرمین جاوید مہر شمسی کی صدارت میں منعقد ہوا۔ اراکین نے پی۔ آئی۔ ڈی کی طرف سے سندھ کے اخبارات کو نظر انداز کرنے اور بروقت ادائیگی میں تاخیر پر شدید تشویش کا اظہار کیا جس کی وجہ سے (بقیہ نمبر 21 صفحہ 2پر)

پاکستان اور جرمنی کے درمیان باہمی تعاون کے روشن امکانات موجود ہیں

گورنر منیر فاضل

جدید دور کے تقاضوں کو مدنظر رکھتے ہوئے صوبے میں معیاری تعلیم کے ساتھ ساتھ فنی اور تکنیکی مہارتوں کے فروغ پر بھی خصوصی توجہ دی جا رہی ہے

جرمن سرمایہ کار بلوچستان میں بلیو اکانومی، فشریز، معدنیات اور زراعت میں موجود سرمایہ کاری کے منافع مواقعوں سے استفادہ کریں

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے پاکستان میں تعینات جرمن سفیر انیا لیپل (Ina Lepel) نے گورنر ہاؤس کوئٹہ میں ملاقات کی جس میں پاکستان اور جرمنی کے درمیان دوطرفہ تعلقات، خطے کی سیاسی صورتحال اور باہمی دلچسپی کے امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ پاکستان اور جرمنی کے درمیان مختلف جدید شعبوں میں باہمی تعاون اور تعلقات کو مزید فروغ دینے کے روشن امکانات موجود ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جرمنی نے جدید ٹیکنالوجی، قابلِ تجدید توانائی، فنی و تکنیکی تعلیم اور دیگر شعبوں میں (بقیہ نمبر4 صفحہ 3پر)

کراچی، چیئرمین جاوید مہر شمسی آل پاکستان نیوز پیپرز سوسائٹی کی سندھ کمیٹی کا اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

حکومت و ڈاکٹر اسٹرکچر کے ذریعے ربطوں کو بہتر بنانے کیلئے پرعزم ہے، ظہور بلیدی

تربت مندرو ڈ جنوبی بلوچستان میں رابطہ کاری اور بنیادی ڈھانچے کی بہتری کے لیے اہم منصوبہ ہے، وزیرِ منصوبہ بندی و ترقیات

کیچ کے عوام کا دیرینہ مطالبہ تربت مندرو ڈ منصوبے کی صورت میں پورا ہو رہا ہے، اہم منصوبے پر معیاری کام جاری ہے

کوئٹہ (خ ن) وزیرِ منصوبہ بندی و ترقیات بلوچستان میر ظہور احمد بلیدی نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ تربت (بقیہ نمبر1 صفحہ 3پر)

صورت میں پورا ہو رہا ہے اور اس اہم منصوبے پر معیاری کام جاری ہے، ہمیں ظہور احمد بلیدی نے اپنے عوام کا دیرینہ مطالبہ تربت مند رو ڈ منصوبے کی

عوامی مطالبات سے کھیلنے کا وقت گزر چکا ہے، ثمینہ سعید

جماعت اسلامی نے ہمیشہ قومی معاملات میں تدبر، مشاورت اور پرامن جدوجہد کا راستہ اختیار کیا

لاہور (پ ر) قائم مقام سیکرٹری جنرل حلقہ خواتین جماعت اسلامی پاکستان ثمینہ سعید نے امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن کی پریس کانفرنس میں حکومت کو پٹرولیم لیوی کے خاتمے کے لیے دیے گئے آخری موقع اور جماعت اسلامی کی اعلیٰ سطحی قیادت کی مشاورت سے کیے گئے فیصلے کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ (بقیہ نمبر14 صفحہ 2پر)

حیدرآباد میں اکاؤنٹنٹ جنرل سندھ کی کھلی کچہری

پنشن اور تنخواہوں سے متعلق عوامی شکایات کے فوری ازالے کی یقین دہانی

حیدرآباد (ہ آ)، اکاؤنٹنٹ جنرل سندھ میانداد راہوجو نے ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفس حیدرآباد میں کھلی کچہری کی صدارت کرتے ہوئے پنشن، تنخواہوں اور اکاؤنٹس سے متعلق عوامی شکایات سنیں اور متعلقہ افسران کو جائز مسائل کے فوری ازالے کی ہدایت کی۔ (بقیہ نمبر15 صفحہ 2پر)

صحافی جمعہ خان پر تشدد کے واقعے کی مذمت

صحافی جمعہ خان پر تشدد ایک صحافی پر حملہ ہے، بلوچستان میڈیا فورم

سیوی (نامہ نگار) بلوچستان میڈیا فورم کی مرکزی قیادت نے ڈیرہ اللہ یار سے تعلق رکھنے والے صحافی جمعہ خان پر تشدد کے واقعے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے متعلقہ حکام آئی جی پولیس بلوچستان اور وزیر اعلیٰ بلوچستان سے واقعے کا فوری نوٹس لینے اور تشدد میں (بقیہ نمبر16 صفحہ 2پر)

ڈپٹی کمشنر سیوی میجر (ر) الیاس کبزئی پولیو ویکسین کے وائلز چیک کر رہے ہیں

ویٹرنری ہسپتال اپنی نوعیت کا منفرد اور اہم ادارہ ہے، ڈاکٹر ربنواز سومرو

جدید ویٹرنری ہسپتال کی تکمیل سردارزادہ فیصل جمالی کی خصوصی کاوشوں اور دلچسپی کا نتیجہ ہے

نصیرآباد (خ ن) ڈسٹرکٹ لائیوسٹاک آفیسر ڈاکٹر ربنواز سومرو نے کہا ہے کہ ضلع استانمحمد میں جدید سہولیات سے آراستہ ویٹرنری ہسپتال کے قیام سے علاقے کے مالداروں (بقیہ نمبر 17 صفحہ 2پر)

27 ستمبر کے سیلاب کو گرفتاریوں سے نہیں روکا جا سکتا، صادق آغا

عمران خان کی بہنوں سمیت سینکڑوں کارکنوں اور رہنماؤں کی گرفتاری قابل مذمت ہے

کوئٹہ (پ ر) پاکستان تحریک انصاف بلوچستان کے صوبائی سینئر نائب صدر اور معروف قبائلی شخصیت سید صادق آغا نے بانی پی ٹی آئی عمران خان کی بہنوں سمیت سینکڑوں کارکنوں اور رہنماؤں کی گرفتاریوں کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ سیاسی کارکنوں کو گرفتار کر کے عوام کی آواز دبانے کی کوشش کی جا رہی ہے، (بقیہ نمبر18 صفحہ 2پر)

نوجوانوں کو معیاری تعلیم کے مواقع فراہم کرنا صوبے کے روشن مستقبل کیلئے اہم ہے

ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ

سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان اور بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے بلوچستان ایجوکیشن انڈومنٹ فنڈ کے دفتر کا دورہ

تعلیمی وظائف کی فراہمی میں میرٹ، شفافیت اور مستحق طلبہ تک رسائی کو بنیادی اہمیت دی جائے

کوئٹہ (خ ن) سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان اور بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے بلوچستان ایجوکیشن انڈومنٹ فنڈ کے دفتر کا دورہ کیا، جہاں انہیں ادارے کی مجموعی کارکردگی، جاری تعلیمی اقدامات اور مختلف اسکالرشپ اسکیمز کے حوالے سے تفصیلی آگاہی دی (بقیہ نمبر25 صفحہ 2پر)

ڈھاڈر، فائرنگ سے 2 افراد ہلاک

بولان (این این آئی) ڈھاڈر کے نواحی علاقے مشکاف کشاری ڈیم کے قریب گزشتہ شب مبینہ طور پر نامعلوم افراد کی فائرنگ سے دو نوجوان جاں بحق ہوگئے پولیس کے مطابق واقعے میں جاں بحق ہونے والے نوجوانوں کی شناخت نوروز خان ولد شاہل خان بنگلزئی سکنہ مشکاف اور مولا بخش ولد دوڑہ محمد ابراہیم راہیجہ سکنہ ڈھاڈر رندعلی کے نام سے ہوئی ہے

گورنمنٹ بوائز ڈگری کالج گوادر میں فرسٹ ایئر کے طلبہ کے اعزاز میں ویلکم پارٹی کا انعقاد

گوادر (خ ن) گورنمنٹ بوائز ڈگری کالج گوادر میں فرسٹ ایئر کے طلبہ کے اعزاز میں ویلکم پارٹی اور کیریئر کونسلنگ سیشن کا انعقاد کیا گیا، جس کی مہمانِ خصوصی اسسٹنٹ کمشنر اور ماڑہ ڈاکٹر ماہ نور برکت تھیں اس موقع پر پرنسپل پروفیسر نصیر احمد نے طلبہ کو خوش آمدید کہتے ہوئے تعلیم، نظم وضبط اور محنت کی اہمیت پر زور دیا۔ مہمانِ خصوصی ڈاکٹر ماہ نور برکت نے طلبہ سے خطاب کرتے ہوئے اپنے تعلیمی و پیشہ ورانہ تجربات شیئر کیے اور اعلیٰ تعلیم، مختلف کیریئر مواقع اور مقابلے کے امتحانات سے متعلق رہنمائی فراہم کی۔

جانی پیڑی پولیس کی کاروائی سابقہ لیویز کے مقدمے میں مطلوب مفرور ملزم گرفتار

ڈیرہ بگٹی (نامہ نگار) جانی پیڑی پولیس کی کاروائی سابقہ لیویز کے مقدمے میں مطلوب مفرور ملزم گرفتار ایس پی سادوتھ ڈیرہ بگٹی عبدالروف بابر کے ہدایت پر خلاف مہم گرفتاری اشتہاری ومفروران پر عملدرآمد کرتے ہوئے ڈی ایس پی/ایس ڈی پی او سرکل جانی پیڑی نیاز علی بگٹی کی زیر نگرانی ایس ایچ او پولیس تھانہ جانی پیڑی شانا خان بگٹی، ہیڈ محرر حاکم علی بگٹی نے پولیس ٹیم کے ہمراہ کاروائی کر کے سابقہ لیویز کے مقدمہ میں مطلوب مفرور ملزم غلام حیدر مقدمہ 12/2023 بجرم 365.337H².148.149P زیر دفعہ حسب ضابطہ گرفتار کیا

پبلشر نذیر احمد نے سعید پرنٹنگ پریس مندوخیل پلازہ مشن روڈ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ گوادر بزنس کوئٹہ یونیورسل کمپلیکس آفس نمبر 10 فیز 1 انڈر گراؤنڈ کالون روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔
فون نمبر 0302-3883706
اسلام آباد بیورو چیف 0300-9731626

عمران خان پر تشدد کے واقعے کی مذمت

صحافی جمعہ خان پر تشدد ایک صحافی پر حملہ ہے، بلوچستان میڈیا فورم

سیوی (نامہ نگار) بلوچستان میڈیا فورم کی مرکزی قیادت نے ڈیرہ اللہ یار سے تعلق رکھنے والے صحافی جمعہ خان پر تشدد کے واقعے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے متعلقہ حکام آئی جی پولیس بلوچستان اور وزیر اعلیٰ بلوچستان سے واقعے کا فوری نوٹس لینے اور تشدد میں (بقیہ نمبر16 صفحہ 2پر)

ڈپٹی کمشنر سیوی میجر (ر) الیاس کبزئی پولیو ویکسین کے وائلز چیک کر رہے ہیں

ویٹرنری ہسپتال اپنی نوعیت کا منفرد اور اہم ادارہ ہے، ڈاکٹر ربنواز سومرو

جدید ویٹرنری ہسپتال کی تکمیل سردارزادہ فیصل جمالی کی خصوصی کاوشوں اور دلچسپی کا نتیجہ ہے

نصیرآباد (خ ن) ڈسٹرکٹ لائیوسٹاک آفیسر ڈاکٹر ربنواز سومرو نے کہا ہے کہ ضلع استانمحمد میں جدید سہولیات سے آراستہ ویٹرنری ہسپتال کے قیام سے علاقے کے مالداروں (بقیہ نمبر 17 صفحہ 2پر)

27 ستمبر کے سیلاب کو گرفتاریوں سے نہیں روکا جا سکتا، صادق آغا

عمران خان کی بہنوں سمیت سینکڑوں کارکنوں اور رہنماؤں کی گرفتاری قابل مذمت ہے

کوئٹہ (پ ر) پاکستان تحریک انصاف بلوچستان کے صوبائی سینئر نائب صدر اور معروف قبائلی شخصیت سید صادق آغا نے بانی پی ٹی آئی عمران خان کی بہنوں سمیت سینکڑوں کارکنوں اور رہنماؤں کی گرفتاریوں کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ سیاسی کارکنوں کو گرفتار کر کے عوام کی آواز دبانے کی کوشش کی جا رہی ہے، (بقیہ نمبر18 صفحہ 2پر)

وسیم شہزاد تائیکوانڈو کو جدید طرز پر ترقی دیں گے، سپورٹس آرگنائزر

سابق انٹرنیشنل کھلاڑی وسیم شہزاد اپنی صلاحیتوں اور تجربے کو بروئے کار لاتے ہوئے نیا ٹیلنٹ متعارف کرائیں گے

کوئٹہ (سپورٹس رپورٹر) سابق انٹرنیشنل تائیکوانڈو کھلاڑی وسیم شہزاد کو پنجاب تائیکوانڈو ایسوسی ایشن کا صدر بننے پر دلی مبارکباد پیش کی گئی۔ کھیلوں (بقیہ نمبر7 صفحہ 2پر)

نوجوان تائیکوانڈو پلیئرز خوشی سے نہال ہیں۔ کھیلوں سے وابستہ شخصیات، نوجوان کھلاڑیوں، کوچز اور تائیکوانڈو کے حلقوں کی جانب وسیم شہزاد کو

لورالائی، کوئٹہ روڈ پر پانی کے غیر قانونی کنکشنز کے خلاف کارروائی

کارروائی کے دوران مختلف مقامات پر قائم متعدد غیر قانونی پانی کے کنکشنز منقطع کیے گئے

لورالائی (خ ن) ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن (ر) محمد حسیب شجاع کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر لورالائی کی سربراہی میں کوئٹہ روڈ پر پانی کے غیر قانونی کنکشنز کے خلاف کارروائی کی گئی (بقیہ نمبر8 صفحہ 2پر)

وندر، کمشنر لسبیلہ سائرہ عطاء معذور افراد میں رقم تقسیم کر رہی ہیں

معذور افراد معاشرے کا اہم حصہ ہیں، سائرہ عطاء

انسان اگر اپنا طرزِ فکر درست کر لے تو دنیا کی کوئی طاقت اسے کامیابی کی منزل سے دور نہیں کر سکتی

سونمیانی وندر (زبیر بلوچ) کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطاء نے کہا ہے کہ معذور افراد معاشرے کا اہم حصہ ہیں انہیں سہولیات و مواقع فراہم کرنا ہم سب کی ذمہ داری ہے انسان (بقیہ نمبر6 صفحہ 2پر)

وسیم شہزاد تائیکوانڈو کو جدید طرز پر ترقی دیں گے، سپورٹس آرگنائزر

سابق انٹرنیشنل کھلاڑی وسیم شہزاد اپنی صلاحیتوں اور تجربے کو بروئے کار لاتے ہوئے نیا ٹیلنٹ متعارف کرائیں گے

کوئٹہ (سپورٹس رپورٹر) سابق انٹرنیشنل تائیکوانڈو کھلاڑی وسیم شہزاد کو پنجاب تائیکوانڈو ایسوسی ایشن کا صدر بننے پر دلی مبارکباد پیش کی گئی۔ کھیلوں (بقیہ نمبر7 صفحہ 2پر)

نوجوان تائیکوانڈو پلیئرز خوشی سے نہال ہیں۔ کھیلوں سے وابستہ شخصیات، نوجوان کھلاڑیوں، کوچز اور تائیکوانڈو کے حلقوں کی جانب وسیم شہزاد کو پنجاب تائیکوانڈو ایسوسی ایشن کا صدر بننے پر دلی

لورالائی، کوئٹہ روڈ پر پانی کے غیر قانونی کنکشنز کے خلاف کارروائی

کارروائی کے دوران مختلف مقامات پر قائم متعدد غیر قانونی پانی کے کنکشنز منقطع کیے گئے

لورالائی (خ ن) ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن (ر) محمد حسیب شجاع کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر لورالائی کی سربراہی میں کوئٹہ روڈ پر پانی کے غیر قانونی کنکشنز کے خلاف کارروائی کی گئی (بقیہ نمبر8 صفحہ 2پر)

وندر، پاکستان کرکٹ بورڈ ٹیلنٹ ہنٹ پروگرام کے تحت سکولوں کے درمیان کرکٹ سیریز کے موقع پر اسلم غوری خطاب کر رہے ہیں

نوجوان کھیلوں کو اپنی زندگی کا لازمی حصہ بنائیں، محمد اسلم سوری

کھیل صحت مند جسم، مضبوط ذہن اور عمدہ کردار کی بنیاد ہے

سونمیانی وندر (نمائندہ گوادر بزنس) گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول حاجی چاکر اور گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول وسڑہ دودا کے درمیان HuntTalentPCB Program کا پہلا میچ حسن آباد کرکٹ گراؤنڈ میں کھیلا گیا۔ مسلم لیگ ن جام گروپ کے سینئر رہنماء و سابق وائس (بقیہ نمبر22 صفحہ 2پر)

چمن بارڈر پر عوام کا معاشی استحصال قبول نہیں، اسلم اچکزئی

بارڈر پر مخصوص طبقے کو نوازنے اور غریبوں کو بے روزگار کرنے کی شدید مذمت کرتے ہیں

کوئٹہ (پ ر) مظلوم عوامی تحریک پاکستان بلوچستان کے صوبائی صدر اسلم اچکزئی اور پارٹی کے دیگر رہنماؤں نے چمن پاک افغان بارڈر کی موجودہ صورتحال اور سیکورٹی اہلکاروں کے مبینہ رویہ پر شدید تشویش اور برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ بارڈر پر عام اور غریب عوام کا معاشی استحصال کیا جا رہا ہے، جبکہ مخصوص افراد کو تجارت (بقیہ نمبر23 صفحہ 2پر)

پائپ لائنوں کی لیکیج سے پانی سڑکوں پر جمع، شہریوں کو مشکلات، کا سامنا

پی ایچ ای کی پانی کی پائپ لائنوں میں مبینہ لیکیج کے باعث پینے کا صاف پانی سڑکوں اور گلیوں میں بہنے لگا

نصیر آباد (محمد یونس عمرانی) نصیر آباد شہر کے مختلف گلی محلوں میں پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کی پانی کی پائپ لائنوں میں مبینہ لیکیج کے باعث پینے کا صاف پانی سڑکوں اور گلیوں میں بہنے (بقیہ نمبر24 صفحہ 2پر)

کمشنر کوئٹہ ڈویژن ذیشان لاشاری مسجد رود پر ٹریفک کے نظام اور تجاوزات کا معائنہ کر رہے ہیں

پشتونوں پر تجارت، روزگار کے دروازے بند کرنا معاشی قتل کے مترادف ہے، نواب ایاز جوگیزئی

حکومت کا تجارت، روزگار پر پابندی کے اقدامات لاکھوں پشتونوں کے معاشی قتل عام اور بدامنی کو فروغ دینے کے مترادف ہیں

چمن کے عوام کے ساتھ ہر موقع پر کھڑے رہے ہیں اور عوام آئندہ بھی جو فیصلہ کرینگے ہم ان کے ساتھ ہر سطح پر کھڑے ہوں گے

چمن (این این آئی) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹری نواب ایاز خان جوگیزئی کے زیر صدارت پشتون قومی جرگہ جنوبی پشتونخوا کے اعلامیہ کی روشنی میں ضلع چمن کا مشاورتی جرگہ چمن کے آریانہ ہوٹل میں منعقد ہوا۔ جرگہ کے سٹیج سیکرٹری کے فرائض پشتونخوا میپ کے مرکزی جنرل سیکرٹری عبدالرحیم زیارتوال نے سرانجام دیئے جبکہ تلاوت کلام پاک کی سعادت مولوی شرف الدین نے حاصل کی۔ جرگہ سے (بقیہ نمبر5 صفحہ 3پر)

☆☆☆☆☆☆ کوئٹہ، ڈپٹی اسمبلی صوبائی اسمبلی غزالہ گولہ سے رکن صوبائی اسمبلی کلثوم نیاز بلوچ و دیگر ملاقات کر رہی ہیں ☆☆☆☆☆☆